آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل یکم ستمبر 2020ء بمطابق 12 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 236

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:20
ظہر	1:35
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:25)
عشاء	8:30
اہل تشیع: فجر صبح	6:00
اہل تشیع: ظہرین	1:00
اہل تشیع: مغربین	08:00

مذہبی منافرت کو بالائے طاق رکھ کر ملکی ترقی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، صدر و وزیراعظم

محرم الحرام ہمیں وہ جذبہ صادق عطا کرتا ہے جس کی بدولت ہم بڑی سے بڑی آزمائش کا مقابلہ کر سکتے ہیں، حق پر قائم رہتے ہوئے سنتِ امام حسینؑ کو زندہ رکھا اور کربلا کی طرح کشمیر کو بھی معرکہ حق و باطل کی ایک عظیم مثال بنا دیا ہے

ہمیں باہمی نفاق، فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کو بالائے طاق رکھ کر ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، ہمیں بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی سامراج سے برسرپیکار عوام کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہیے

امید ہے عوام کورونا وائرس سے محفوظ ماحول میں یوم عاشور عقیدت و احترام کے ساتھ، فرقہ واریت اور تعصب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے منائیں گے اور امن و امان کو بھی یقینی بنائیں گے، عارف علوی اور عمران خان کا یوم عاشور پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی اور وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں وہ جذبہ صادق عطا کرتا ہے جس کی بدولت ہم بڑی سے بڑی آزمائش کا مقابلہ کر سکتے ہیں، ہمیں باہمی نفاق، فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کو بالائے طاق رکھ کر ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، ہمیں بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی سامراج سے برسرپیکار عوام کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہیے جنہوں نے حق پر قائم رہتے ہوئے سنتِ امام حسینؑ کو زندہ رکھا اور کربلا کی طرح کشمیر کو بھی معرکہ حق و باطل کی ایک عظیم مثال بنا دیا ہے، امید ہے عوام کورونا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان مختلف اداروں کے تحت کوئٹہ کی ترقی کے جاری منصوبوں کی پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ سمارٹ سٹی اتھارٹی کے قیام کیلئے قانون سازی کی جائے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ، کوئٹہ ترقیاتی چیلنج، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ صحت شامل ہیں، منصوبے کے تحت شہر میں 400 کلومیٹر فائبر آپٹک بچھائی جاری ہے اور 1403 سیکیورٹی کیمرے نصب کئے جائیں گے

سرکاری شعبہ میں ٹیوب ویلوں کی تنصیب کی ذمہ داری صرف واسا کی ہوگی جبکہ سیکریٹری پی ایچ ای کی سربراہی میں کمیٹی کی تشکیل کا فیصلہ کیا گیا جو شہر میں پانی کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے سفارشات پیش کرے گی

پانی کی فراہمی کے حوالے سے محکمہ پی ایچ ای اور واسا حکام کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ شہر میں ٹیوب ویل کی تنصیب کے لئے بائی لاز کی تیاری اور قانون سازی کی جائے گی

کوئٹہ (ٹ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے مختلف شعبوں میں کوئٹہ کی ترقی کے منصوبوں پر کام کرنے والے اداروں کو ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی ہے جن میں کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ، کوئٹہ ترقیاتی چیلنج، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ صحت شامل ہیں، اس حوالے سے پیر کے روز منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ کے اہم مسائل میں صفائی، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، میونسپل سروسز، بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد اور پانی کی کمی سرفہرست ہیں جنہیں ہنگامی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے، پانی کی فراہمی کے حوالے سے محکمہ پی ایچ ای اور واسا حکام کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ شہر میں ٹیوب ویل کی تنصیب

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

عوام کے حقوق پر ہم کسی کو ایسا ناروا عمل کی اجازت نہیں دینگے، محمد خان لہو

عثمان جیل

ہم عوام کے ساتھ ہیں اور حکومت اس سلسلے میں نیب، اینٹی کرپشن اور دیگر حکومتی ادارے اسکا نوٹس لیں اور انکوائری کر کے قصوروار کو سخت سزا دیں، صوبائی وزیر خوراک و بورڈ کے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نورالائی (این این آئی) صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی محمد خان اچکزئی نے محکمہ لائیو سٹاک کے پروگرام بھیڑ و چرنی میں محکمہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور دیگر عملے کے ہاتھوں لاکھوں روپے کے کرپشن اقربا پروری اور

کراچی کے مسائل پر وفاقی اور صوبائی حکومت کا تعاون مثبت پیشرفت ہے: صدر مملکت

پینے کے پانی کی فراہمی، نکاسی آب اور دیگر مسائل کو مل کر حل کرنا اہمیت کا حامل ہے، عارف علوی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ کراچی کے مسائل پر وفاقی اور صوبائی حکومت کا تعاون مثبت پیش رفت ہے، کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ پینے کے پانی کی فراہمی، نکاسی آب اور دیگر مسائل کو مل کر حل کرنا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

وفاق اور صوبائی حکومت کراچی کے تین بڑے مسائل کے حل پر کام کرے گی، وزیراعظم

کراچی میں نالوں کی صفائی اور نکاسی آب کے مسئلے کا مستقل حل نکالیں گے، کراچی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ بھی حل کریں گے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبائی حکومت کراچی کے تین بڑے مسائل کے حل پر کام کرے گی، کراچی میں نالوں کی صفائی اور نکاسی آب کے مسئلے کا مستقل حل نکالیں گے، کراچی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ بھی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کوئٹہ جامعہ بلوچستان کے چانسلر گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ان کے چیمبر میں ملاقات کر رہے ہیں

کراچی میں انتظامیہ نے اپنی تجوریاں بھریں اور شہر کو اس کے حال پر چھوڑ دیا، وزیر خارجہ

ماہرین کورونا وائرس کنٹرول کرنے پر پاکستان کی کیس اسٹڈی کرنا چاہتے ہیں، کورونا کا خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہمیں احتیاط کرنا ہوگی

مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بتا دیا اب ان کی منزل جبر سے آزادی ہے، شاہ محمود قریشی کا تقریب سے خطاب

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کراچی میں انتظامیہ نے اپنی تجوریاں بھریں اور شہر کو اس کے حال پر چھوڑ دیا، مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بتا دیا اب ان کی منزل جبر سے آزادی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بتا دیا اب ان کی منزل جبر سے آزادی ہے، بھارت نے جس طرح کشمیریوں کی آواز دبائی دو پوری دنیا نے دیکھا، مقبوضہ کشمیر میں بلیک آؤٹ مسلسل جاری ہے۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بولان دو مختلف واقعات دو سگے بھائی جاں بحق تین افراد زخمی

مچھ (آن لائن) بولان دو مختلف واقعات دو سگے بھائی جان بحق تین افراد زخمی بولان ندی میں پکنک

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان کا نوجوانوں کے لیے ملازمت میں عمر کی بالائی حد 43 سال کی رعایت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کوئٹہ (ٹ ن) حکومت بلوچستان کا نوجوانوں کے لیے ملازمت میں عمر کی بالائی حد 43 سال کی رعایت کا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ڈیم کے قریبی آباد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے، حسن وقار چیمہ

لسبیلہ (ٹ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کے دفتر سے جاری ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ مسلسل

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

پاک افغان باب دوستی اور تفتان بارڈر کو دو روز بندش کے بعد کھول دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پاک افغان باب دوستی اور تفتان بارڈر کو دو روز بندش کے بعد کھول دیا گیا۔ سیکورٹی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کراچی، پاک فوج نے متاثرین کو خوراک اور طبی امداد کی فراہمی کیلئے ایکسپو سینٹر میں ریلیف کیمپ قائم کر دیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں بارش کے بعد پاک فوج نے متاثرین کو خوراک اور طبی امداد کی فراہمی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سیلاب اور طوفانی بارشوں سے نقصانات کی اطلاعات پہلے سے موجود تھیں، حکومت نے کیا تیاری کی؟ شہباز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

عاصم سلیم باجوہ نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قومی جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے بہترین پیشہ ورانہ تشکیل دیا، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ لیفٹیننٹ جنرل (ر)

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

حضرت امام حسینؑ کی عظیم قربانیوں سے ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی ملتی ہے، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے یوم عاشورہ کے موقع پر قوم کے نام

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

غیر حاضر ملازمین کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی

گورنر بلوچستان

کسی بھی سرکاری ادارے کے اچانک دورہ کرنے سے ہی اسکی کارکردگی، عملے کی حاضری اور صفائی کی صورتحال کو بہتر طور پر جانچا اور پرکھا جا سکتا ہے

دوٹوک الفاظ میں واضح کر دیا کہ وقتاً فوقتاً اچانک دوروں کا سلسلہ جاری رہیگا اور غیر حاضر ملازمین اور غفلت برتنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (ٹ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ کسی بھی سرکاری ادارے کے اچانک دورہ کرنے سے ہی اسکی کارکردگی، عملے کی حاضری اور صفائی کی صورتحال کو بہتر طور پر جانچا اور پرکھا جا سکتا ہے۔ گورنر یاسین زئی نے دوٹوک الفاظ میں واضح کر دیا کہ وقتاً فوقتاً اچانک دوروں کا سلسلہ جاری رہیگا اور غیر حاضر ملازمین اور غفلت برتنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سموار کے روز نیورسٹی آف بلوچستان کے اپنے اچانک دورے کے موقع پر کیا۔ گورنر بلوچستان نے یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر یونیورسٹی کی جانب

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع ژوب، کچھی میں پیش آنے والے مختلف حادثات میں دو بھائیوں سمیت 3 افراد جاں بحق

ژوب/کچھی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع ژوب، کچھی میں پیش آنے والے مختلف حادثات میں دو بھائیوں سمیت 3 افراد جاں بحق جبکہ 3 کالکوں سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے ضلع ژوب میں ڈی آئی خان روڈ قومی شاہراہ مانی خواہ کے قریب ٹرک الٹنے سے ایک شخص جاں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ترقیاتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جسٹس ہاشم کاکڑ

گزشتہ پانچ سالوں سے اب تک کالج کا بلڈنگ تیار نہیں ہے، بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کو ہر ممکن سہولت دینے کیلئے بھرپور کوشش کریں گے

ترقیاتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اندر اندر فنڈز ریلیز کروا کر انٹر کالج کا کام شروع کروائیں گے، جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

اسپیکر (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد ہاشم کاکڑ اور جسٹس نذیر احمد لانگو نے جنگل ریسٹ ہاس، جوڈیشل کمپلیکس، سول ہسپتال کا دورہ کیا۔ دورہ کے دوران جوڈیشل کمپلیکس اور انٹر کالج کی زیر تعمیر بلڈنگ کا معائنہ کیا، جسٹس محمد ہاشم کاکڑ نے کہا کہ انٹر کالج اسپیکر کی بلڈنگ کے تعمیر کا کام میں سست روی برداشت نہیں کی جائے گی، ترقیاتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا گزشتہ پانچ سالوں سے اب تک کالج کا بلڈنگ تیار نہیں ہے بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کو ہر ممکن سہولت دینے کیلئے بھرپور کوشش کریں گے اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ کے جج کو ایکسین پی ایچ آر سے ڈاکٹر نور اللہ نے علیحدہ علیحدہ بریفنگ دی اسپیکر چیئرمین لیویز فورس کے چاق و چوبند دستے نے بلوچستان ہائی کورٹ کے جج کو سلامی پیش کی اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انشاء اللہ دس دن کے اندر اندر فنڈز ریلیز کروا کر انٹر کالج کا کام شروع کروائیں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلیکور گرمکان میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی

بلیکور (این این آئی) بلیکور گرمکان میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق عبدالقیوم کو زمین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا گیا زخمی عبدالقیوم کو بعد ازاں اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں انھیں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

عوام ووٹوں سے ایک بار پھر ہم بھاری اکثریت سے منتخب ہونگے، عبدالقادر بلوچ

پارٹی کے کارکن متحرک اور فعال رہیں بلدیاتی انتخابات سمیت مستقبل میں مسلم لیگ (ن) کی ہوا چل پڑی ہے

مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے تمام ضلعی صدور کو فعال رہنے اور پارٹی پیغام کو عام کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے، جمال شاہ ڈاکٹر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے ہر دور میں عوام کی بلا امتیاز و لائق خدمت کی ہے عوامی خدمت کے لئے اقتدار میں ہونا ضروری نہیں ہے، پارٹی کے کارکن متحرک اور فعال

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کی تقدیر بدل دینگے، میر نور محمد دمڑ

کسی کو مایوس نہیں کرینگے بلا رنگ و نسل عوامی و اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے حلقے کے عوام کی تقدیر بدل دینگے

عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کر کے مسائل انکی دہلیز میں حل کرینگے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (ناصر نگار) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کر کے مسائل انکی دہلیز میں حل کرینگے کسی کو مایوس نہیں کرینگے بلا رنگ و نسل عوامی و اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

مشکل کی گھڑی میں ہمیں اپنی عوام کی ہر ممکن مدد کرنی چاہیے، وزیر داخلہ بلوچستان

بلوچستان کے عوام اس مشکل وقت میں صوبہ سندھ کی عوام کے ساتھ ہیں انہیں کسی طرح بھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا

صوبہ سندھ اور بالخصوص کراچی کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں بلوچستان کی مدد کی ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ٹ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے پاکستان کے معروف اداکار ایوب کھوسہ نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران سندھ اور بلوچستان میں حالیہ مون سون بارشوں کی وجہ سے پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال کے حوالے سے معروف اداکار ایوب کھوسہ نے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی کیمپ لگانے کی خواہش کا اظہار کیا جس پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے پاکستان کی مختلف ایجنسیوں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی، وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہمیں اپنی عوام کی ہر ممکن مدد کرنی چاہیے۔ اداکار ایوب کھوسہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ سندھ اور بالخصوص کراچی کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں بلوچستان کی مدد کی ہے، اب جب کہ بلوچستان کی مختلف اضلاع لسبیلہ، بولان، نصیر آباد، جعفر آباد اور لسبیلہ میں سیلابی صورتحال ہے لیکن اس کے باوجود ہم سندھ کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کی ہر ممکن مدد کیلئے آگے بڑھیں گے، انہوں نے کہا کہ ہم جلد ایک امدادی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائیگی، علی امین خان گنڈاپور

بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑا رہا ہے، بیرسٹر سلطان سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں حکومت کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی، انہوں نے ان خیالات کا اظہار تحریک انصاف آزاد کشمیر کے صدر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ہفتہ کی شب اچانک سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ہفتہ کی شب اچانک سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا، وزیراعلیٰ نے ہسپتال کے دیگر مختلف شعبوں کے علاوہ نو تعمیر شدہ کارڈیک وارڈ کا معائنہ کیا جہاں ایم ایس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ میر عمر جمالی سے مختلف امور پر ملاقات کر رہے ہیں

ہم اس افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، میر عبدالکریم نوشیروانی

اپنی ان بزدلانہ حرکتوں سے ہمیں جھکا نہیں سکتے اور نہ ہی خاران کے عوام کے دلوں سے نکال سکتے ہیں، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے دو روز قبل خاران میں انکی اور شعیب

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں ہمیشہ ساتھ دیا ہے، صوبائی وزیر داخلہ

سیلاب متاثرین کیلئے ضروری اشیاء کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے

چیف سیکرٹری بلوچستان

حکومت بلوچستان نے فوری اقدامات کر کے بی بی نانی پل کو بحال کیا اور کوئٹہ کو سندھ پنجاب سے آنے والی ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا

قدرتی آفات سے نمٹا نہیں جا سکتا مگر اس سے احتیاطی تدابیر اختیار کر کے زندگیاں محفوظ بنائی جا سکتی ہیں، کیپٹن (ر) فضیل اصغر

نصیر آباد (ٹ ن) نصیر آباد ڈویژن میں سیلابی صورتحال کے حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت کمشنر آفس نصیر آباد میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر، ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ

بلوچستان کا کثیر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی



بلوچستان کا کثیر الاشاعت بلوچی ماہنامہ گدروشیا کوئٹہ



روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

یکم ستمبر 2020ء

بارش نے تباہی مچادی

ملک بھر میں بارشوں میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 281 ہوگئی ہے۔ بلوچستان سمیت مختلف علاقوں میں شدید بارشوں کا وجہ سے انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی میں 100 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے ہیں جبکہ انتظامیہ کی طویل عدم توجہی کے باعث نکاسی آب کا نظام مکمل طور پر غائب ہے۔ شہر کے تمام انڈر پاسیز میں پانی بھر گیا۔ جو دو دن بعد ہی پوری طرح نکالا نہ جاسکا۔ شہر کے سرکاری ہسپتالوں میں پانی داخل ہوگیا اور وارڈز میں پانی آجانے سے مریضوں کو سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ بلوچستان میں اطلاعات کے مطابق درجنوں افراد جاں بحق اور زخمی ہوگئے۔ سیلابی ریلے سے بی پی نانی کا پل دوسری بار ٹوٹ گیا۔ قلات، بارکھان، ڈھاڈر اور دیگر علاقوں میں کچے مکانات منہدم ہوگئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال نے اعلیٰ سطحی اجلاس میں بارشوں سے متاثر وافراد کی معاونت اور شاہراہوں کی جلد بحالی کی ہدایت کی ہے۔ کراچی میں بارشوں سے ہونے والی تباہی کے حوالے سے اکثر تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ یہ قدرتی آفت ہے اور ان نقصانات کے حوالے سے حکومت کو ذمہ دار قرار دینا درست نہیں۔ یہ درست ہے کہ بارشوں اور ان کے اثرات کو روکنا شائد ممکن نہ ہو۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اگر شہر میں نکاسی آب کا مناسب انتظام موجود ہوتا تو نقصان کو بہت حد تک کم کیا جاسکتا تھا۔ کراچی اور پاکستان کے دیگر شہریوں کا تجربہ ہے کہ ایسی ہنگامی صورتحال میں حکمراں طبقہ عوام کو قدرت کے رحم وکرم پر چھوڑ کر خود غائب ہوجاتا ہے۔ اس بار تو ریکارڈ بارش ہوئی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ معمولی سی بارش کے بعد بھی بجلی کا نظام بیٹھ جاتا ہے اور کئی کئی روز تک ان کی درستی کرنے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ قدرتی آفت کو بیماری کا حملہ ہو یا کوئی بھی ایم جنسی کی صورتحال ہو اس سے نمٹنے کی کوئی تیاری نظر نہیں آتی۔ حقیقت یہ ہے کہ اس ملک میں گورننس کو عوام دوست بنانے کیلئے بنیادی نوعیت کی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ اور حکومت یا ضرب اختلاف کی روایتی سیاسی جماعتیں اسکے لیئے تیار نظر نہیں آتیں۔

پروفیسر اکرم باجوہ جن کی شاعری میں پاکستان بولتا ہے

اردو ادب کے ناقدین نے اصناف شاعری میں نظم کو اُس کے موضوعاتی تناظر اور اسلوب کے حوالے سے اہمیت کا عنصر قرار دیا ہے۔

پروفیسر اکرم باجوہ کے شعری مجموعے "تکبیر کا رنگ لنکار ہوا" میں نظم کی اہمیت، انفرادیت اور اُس کی تکنیکی صوت کی حیثیت اس اعتبار سے بڑھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے کہ پروفیسر اکرم باجوہ نے اپنی نظموں کے موضوعات کو حب الوطنی اور اپنی دھرتی سے موسوم کر کے قومی وملی احساسات، محسوسات اور اپنے ذاتی جذبات کی اس قدر خوبصورت عکاسی کی ہے کہ نظم کے سرمست لفظ وطن کے عشق میں گنگناتے دل میں اُترتے محسوس ہوتے ہیں۔

اکرم باجوہ کی قومی شاعری کا مطالعہ کرتے ہوئے لگتا ہے اکرم باجوہ خاموش ہے اور اُس کی شاعری میں پاکستان بول رہا ہے۔ نظموں میں پاکستان دھڑک رہا ہے۔ اشعار میں کہ پاکستان کا درد کر رہے ہیں۔

پروفیسر اکرم باجوہ کی قومی شاعری محض عسکری نظمیں ہوں قاری کے محسوسات بکھر بدل جاتے ہیں اور وہ محسوس کرتا ہے کوئی محبت کی اذان دے رہا ہے اور محبت کی مدھم بھینی بھینی مہک اُس کے جسم وجاں میں پھیل رہی ہے۔

مری مٹی کی نسبت کربلا، مکہ، مدینہ سے۔۔
کہ ہر لمحہ مہکتا ہے، مرا ایمان مٹی سے۔۔

پروفیسر اکرم باجوہ کی شاعری ایمان کی خوشبو اور وطن عزیز کے مشکبار احساس سے لبریز ہے۔ اس کا سبب میری رائے میں باجوہ صاحب کا اپنے وطن سے والہانہ عشق ہے۔ وہی اہم بات جو میں۔۔ نے محسوس کی وہ اکرم۔ باجوہ کا باعمل، باکردار، باضمیر شخصیت اور کامل قول وفعل کا حامل ہونا ہے۔ وہ پکے مسلمان اور سچے پاکستانی ہیں۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ باجوہ صاحب کی شاعری کی مہکار کو محسوس کیا جاسکتا۔ اکرم باجوہ اُسی مہک کو وہ چند کرنے کی سعی فرماتے ہوئے۔

ہم مسلماں ہیں یہ سارا زمانہ سن لے
نارِ نمرود کو گلزار بنا دیتے ہیں

پروفیسر اکرم باجوہ درحقیقت ایک حب الوطن شاعر کے طور پر سامنے آئے ہیں اور نظریہ پاکستان کے سب سے بڑے حامی دکھائی دیتے ہیں۔

لالہ کے نغمے سے تکبیر کا رنگ لنکار ہوا۔۔

اس سے اسم احمد ﷺ کی ہے گونج سانسوں میں۔۔

پروفیسر اکرم باجوہ کی شاعری لب ورخسار کی شاعری نہیں، بلکہ اُن کی شاعری میں ایک پیغام ہے اور اُس آفاقی پیغام کو باجوہ صاحب اپنے قارئین تک پہنچانے میں سرخرو ہوئے ہیں۔ وہ قوم میں بیداری کی لہر پیدا کر کے مسلم اُمہ کی تقدیر بدلنے کی آرزو لیے ہوئے کہتے ہیں۔

ہاتھوں میں لئے ہم تیرا علم
منزل کو بڑھیں گے تیز قدم
ہر ضرب ہماری کوہ شکن
حاضر ہے لہو کا ہر قطرہ
تو میرے شہیدوں کا ثمرہ
ہے تجھ پہ نچھاور تن من دھن
اے میرے وطن۔۔۔۔ اے پاک وطن

اکرم باجوہ تحریک پاکستان سے قیام پاکستان تک کی قومی جدوجہد اور مسلسل قربانیوں اور ایثار کی تاریخ سے مکمل آگہی رکھتے ہوئے ہجرت کے خون آشام لمحوں پر یوں لب کشائی کرتے ہیں

خون کا دریا پار کیا تو ہم نے ساحل دیکھے۔۔
ہم سب کے اسلاف نے رو میں ہر سو قتل دیکھے۔۔
اس کی خاطر جانوں کے نذرانے لاکھوں پیش کئے۔۔
بچے، بوڑھے، مرد وزن، قربان اقارب خویش کئے۔۔
نسلوں نے رقم خوں سے نیا باب کیا ہے۔۔
اس دھرتی کے ہر ذرے کو خوں ناب کیا ہے۔۔

اکرم باجوہ کو جنت نظیر وادی کشمیر سے جو انسیت، رغبت اور محبت ہے اس محبت میں وہ پگھلتے دکھائی دیتے ہیں۔ اور تڑپ کا احساس لئے گویا ہوتے ہیں۔

ساری دنیا دیکھ رہی ہے نسلوں کی بربادی۔۔
آگ کے شعلوں میں لپٹی ہے کشمیر کی وادی۔۔
کیوں خاموش ضمیر عالم، کیوں ہیں۔ گنگ زبانیں۔۔
معصوموں کو کاٹ رہی ہیں سنگینیں، کرپانیں۔۔
خون خون ہوا ہے تن ہے۔ کیسے لب کھولے۔۔
رنگ برنگے پھولوں کو چاٹ گئے ہیں شعلے۔۔

پروفیسر اکرم باجوہ کی ساری شاعری وطن سے محبت، اسلام سے لگاؤ اور روشن پاکستان کے گرد گھومتی نظر آتی ہے۔ وہ بیک وقت کشمیر، فلسطین، بوسینیا لبنان، عراق اور اُردن کے مسلمانوں کے دکھ کو اپنا دکھ جانتے ہوئے اشک جوئی کرتے ہیں

لہولہو ہے تیرا چیرا وے وادی کشمیر
بہتے آنسو بول رہے ہیں آزادی آزادی
تو مشرق وسطیٰ کا دھڑکتا دل کامل۔۔
موجود تیرے سینے پہ اسلام کی جھلمل۔۔
ہے تیرا بیاں سورۂ قرآن میں شامل۔۔
ہر ایک مسلماں کے عقیدے کا بھی حاصل۔۔
اے میرے فلسطین لہو رنگ فلسطین

پروفیسر اکرم باجوہ کے خون میں پاکستان سرایت کرتا ہے۔ اس کی سانسوں کے زیر وبم میں پاکستان کی رو رحم چلتی ہے تو باجوہ، باجوہ نہیں رہتا پاکستان بن جاتا ہے۔۔

سر پہ قاتل آچکا ہے اور تو سجدے میں ہے

دریچہ حقائق

چشم فلک نے اختلافات عالم کے کتنے عبرتناک نظارے دیکھے ہوں گے؟ کتنے فاتحین کے جلوس کتنے مفتوحین کے جنازے دیکھے ہوں گے؟ آج تک حق وباطل کی جتنے معرکے ہوئے ہیں ان میں سب سے زیادہ ولولہ ذوجاہ شاہ اور سب سے بڑھ کر جگر سوز واقعہ دس محرم الحرام کو کربلا میدان کربلا میں پیش آنے والا واقعہ تھا۔ یہ واقعہ ظلم وبربریت میں اپنی مثال آپ تھا۔ اس فتنے کی چنگاریاں برسوں پھیل گئی۔

یہ سانحہ اس لیے بھی بے مثل تھا کہ یہاں کا فاتح ہمیشہ کے مردود ملعون اور قاتل صد عتاب وسزا قرار پایا۔ جب کہ یہاں کا مفتوح ابد کے لیے فاتح کامیاب وکامران اور امت مسلمہ کے آنکھوں کا تارا قرار پایا۔

آیئے آج اس مظلوم شہید کے کربناک داستان پڑھیں گے۔ جس کی شہادت پر خود لفظ شہادت نے بھی شہید ہونے کی تمنا کی ہوگی۔ شاید ظلم وبربریت کے لفظ کا ایجاد اسی دن کے لیے ہوا تھا۔ اگر آسمان خون کا آنسو روتا تو شاید اسی دن وہ اپنی رگ وپے کی لہو سارا اشک میں بہا دیتا۔ یہ داستان مسلمانوں کے دل چھلنی کرنے کے لیے کافی ہے۔

حضرت حسین ابن علی رضی اللہ عنہما جس کو جگر گوشہ رسول کہا جاتا ہے۔ تین ہجری مدینہ منورہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر میں لخت جگر نبی حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے بطن مبارک سے مولود مسعود ہوئے۔ تربیت اور پرورش سایہ نبوت موضع رسالت اور معدن علم میں ہوئی۔ جب آپ چھ سال کی عمر کے ہوئے تو ناناجان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھنا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ والدین کے موجودگی میں یتیم ہوئے۔

اس کے بعد والد ماجد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سایہ تربیت میں رہے۔ آپ رض نے اپنی زندگی میں اسلامی تاریخ کے ابتدائی تمام نشیب وفراز کا خود نظارہ کیا۔ امت مسلمہ کے مدوجزر کا پورا مطالعہ کیا۔ بچپن ہی میں غموں کی ابتداء ہوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اور کچھ عرصہ بعد والدہ محترمہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی جدائی جیسے تمام تر پریشانیوں کا مقابلہ کم عمری اور ناپختہ دانی میں کرنا ایک بہت عظیم کام سے کم نہیں۔

آپ رضی اللہ عنہ نے خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کا مکمل مطالعہ عین الیقین کے ساتھ کیا۔ آپ نے خلیفہ اول کے دور میں بغاوت کے اس بحر گیر طوفان کا نظارہ بھی کیا جس کی سرکش وبیاخیز لہروں سے پہلے پالا نہیں پڑا تھا۔ جس کے تھپیڑے اسلامی عمارت کی بنیادیں ہلا سکتا تھا۔ مگر یہ مرد آہن خلیفہ اول سیسہ پلائی دیوار کے مانند ڈٹ گیے اور اس سرکش وبے لگام دشمن کو شکست فاش دیا۔ یہ وہ انتہائی نازک مرحلہ تھا جس سے خلافت کا شیرازہ آناً فاناً بکھر سکتا تھا۔ مگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فراست ودور بینی تھی کہ تمام معاملات معمول پر لائے اور خلافت کا پہیہ چل پڑا۔

خلیفہ دوئم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دور خلافت میں اسلام کا وہ عروج بھی دیکھا کہ مدینہ منورہ سے پھوٹنے والی یہ علم وعرفان اور ہدایت وایمان کی روشنی جو قیصر وکسریٰ کی بلند وبالا عمارتوں سے ہو کر گزرتی دکھائی دیتی تھی۔ ہر طرف عدل وانصاف کا دور دورہ تھا۔ ہر چیز کا انبار لگا تھا۔ ایک چیز نا پید تھی وہ تھا انسانی تھی۔ اقتصادار ومعاشی خوشحالی کے اعتبار سے خلافت ثریا کی بلندیاں چھو رہی تھی۔ اس دور کے اخلاق وآداب تمام اقوام عالم کے لیے نمونہ تھے۔ ان کی معاشرت، معیشت، تمدن اور تہذیب سے یورپ وافریقہ کے خلست کدوں میں ارتقاء کا تموج پیدا ہوا۔ مشرق ومغرب والوں نے ان سے اصول جہانبانی سیکھے۔ دنیا کی ہر قوم ان کے آگے سرنگوں تھی اور ترقی کے ہر میدان میں ان کے خوشہ چین تھی۔

دشمنان اسلام کو مسلمانوں کی یہ کامیابیاں ہضم نہ ہوئی۔ شیطانی سوچ وفکر ان میں دھوز گئی اور انہوں نے اپنا ایک خفیہ ایجنسی بنائی۔ جس کے ارکان بظاہر اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتے تھے۔ مگر حقیقت میں وہ صہیونیوں کے آلہ کار تھے۔ اس طرح وہ عمارت اسلامی میں دراڑیں پیدا کرنے کی سعی ناتمام کر رہے تھے۔ ان ہی کی سیاہ کاریوں کی بدولت کئی نابغہ روزگار ہستیوں نے ان کے بے رحم خنجر سے لہو کا غسل کیا۔

آخر کار حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قتل کا منصوبہ بنایا۔ ایک دشمن (ابولولو فیروز ملعون) کے بے رحم خنجر نے انہیں لیلائے شہادت سے ہمکنار کیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سخت زخمی ہونے کی حالت انتہائی بصیرت سے کام لیتے ہوئے چھ صحابہ کرام کی کمیٹی بنائی۔ انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ ثالث مقرر کیا۔ اس طرح اسلام کا شیرازہ بکھرنے سے بچ گیا۔ وہ خوشیاں وہ مسرتیں وہ فتوحات باد نسیم کی مانند واپس لوٹ کر آنے لگیں۔ فرحت ومسرت کی ہواؤں کے جھونکے فتح وکامیابی بشارتیں اسلامی عمارت میں کے لیے مضبوطی کا سامان بن گئیں۔ دشمن خاموش ضرور تھا مگر وہ ایک اور چال کی تیاری میں مگن تھا۔ انہوں نے اپنی خفیہ ایجنسی کی بدولت خلافت میں شور وغوغا برپا کیا کچھ سادہ لوح مسلمانوں کو ساتھ ملا کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو احاطے میں لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ معاملے کی نزاکت بھانپتے ہوئے اپنے دونوں نوجوان سال بیٹوں کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حفاظت پر مامور فرمایا۔ ہونا وہی تھا جو منظور خدا تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہادت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوئے۔

خلافت کا بار گراں حضرت علی رضی اللہ کے کندھوں پر آیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نہ چاہتے ہوئے بھی مجبوراً خلیفہ بنائے گیے۔ مگر شہادت عثمان سے قبل جو آگ بڑھکی تھی اس کی چنگاریاں سلگ رہی تھی۔ دشمن تاک میں آگ بڑھکانے کی تگ ودو میں تھا۔ اس طرح اس آگ کے کچھ شعلے جنگ جمل اور کچھ صفین کی صورت میں بلند ہوئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس آگ بجھاتے بجھاتے شعلے کی لپیٹ میں آگئے اور کوفہ کی مسجد میں شہادت کا مقام پایگیے۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے مکمل طور پر آگ بجھائی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کرلی۔ اس طرح کچھ مدت کے لیے آگ بجھ گئی مگر راکھ میں چھپی چھوٹی چنگاری اس وقت آگ کی شکل اختیار کر گئی کہ جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنا جانشین یزید منتخب کر کے وفات پاگئے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد صہیونی، شیطانی سیلاب واپس عالم اسلام کے دروازے پر دستک دینے آئی۔ خفیہ ایجنسی حرکت میں آئی۔ یزید نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے بیعت کا مطالبہ کیا انہوں نے انکار کیا۔ نتیجاً مدینہ منورہ چھوڑنا پڑا۔ وہ مدینہ جو غم کے ماروں کو اپنے سینے سے لگا کر بڑے پیار سے ان کے آنسوں کو جذب کر کے رحمت کی چھتری سے سلا دیتا ہے۔ فراق کا شاید یہی لمحہ تھا کہ جب لبوں کو الفاظ نہیں ملتے، جذبے گنگ اور احساسات ساکت ہو کر رہ جاتے ہیں۔

مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ پہنچتا ہے۔ کوفے سے خطوط کے بھرمار شروع ہوتی ہے۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنانے کے دعوے سے بلایا جاتا ہے۔ ۔۔۔ آخر ستم یہ کہ جو بری ہوا چلی ہے کوفے ہی سے چلی ہے۔۔۔۔ خطوط اور پیغامات (جاری ہے)

ڈاکٹر رحیم مینگل کی فریاد حکمرانوں، نوابوں سرداروں کے نام

ڈاکٹر محمد رحیم مینگل نے بھی کیا سوہانے خواب دیکھیں ہونگے کہ مقبول جوان ہوگا، میرے بڑھاپے کا سہارا بنے گا، جس مقبول کو انگلی پکڑ کر میں نے جینا سکھایا اب

یونس بلوچ

وہ جوان مقبول میرے بڑھاپے میں میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے سہارا دے گا، ڈاکٹر رحیم مینگل کے یہ سوہانے خواب پورا ہونے کے عین وقت پر چکنا چور ہو گئے سارے خواب تتر بتر ہوگئے، کمر ٹوٹ گئی، مقبول جوان تو ہوا مگر مقبول کی جوانی کو کینسر نے چھین لیا، مقبول عین وقت پر ڈاکٹر محمد رحیم کے ہاتھوں سے چھین لیا گیا، مقبول چاہتا تھا کہ وہ والدین کا سہارا بنے، مقبول کی یہ خواہش تھی کہ وہ اپنی والدین کے خوابوں کی تعبیر بنے مگر مقبول کو کیا پتا تھا کہ میں جو سوچ رہا ہوں وہ صرف میری سوچ ہوگی حقیقت کچھ اور ہے اور کچھ اور ہوگا میری بھی ملاقات مقبول سے تھا آخری ملاقات ان سے ان کے گھر میں ہوا جب وہ شدید علیل تھے اس کی بیماری کی یہ پوزیشن تھی کہ بچنے کے امکانات کم تھے لیکن میں نے جھوٹ کا سہارا لیا انہیں زندگی کی جانب لوٹانے کے لئے حوصلہ اور تسلی دیا اپنی جزبات میں نے کنٹرول میں رکھ کر اس کے والد کو بھی تسلی دیا مگر جب ڈاکٹروں نے ہی جواب دیا تو پھر ہر طرف افراتفری مچ گئی مقبول کے جزبات بھی قدرے کمزور پڑ گئے ڈاکٹروں کے جواب دینے کے بعد نہ پیر نہ فقیر نہ علماء نہ حکم ہر جگہ ڈاکٹر رحیم مینگل نے دستک دی مگر پانی سر سے گزر چکا تھا ایک دن مجھے ڈاکٹر محمد رحیم کا فون آیا گلوگیر آواز میں یہ خبر سنائی کہ میرا بیٹا اس دنیا میں نہیں رہا جوان بچے کی موت یقیناً والدین کی کمر توڑ دیتی ہے اور مجھے اندازہ ہوا کہ ڈاکٹر محمد رحیم مینگل جیسے انسان کو بھی اولاد کی جدائی نے توڑ دیا ہے مگر ساتھ ہی اس کے عظم اور ہمت نے مجھے بھی حیران کر دیا کہ انہوں نے کہا کہ میرے مقبول کو تو کینسر سے چھین لیا، میرا مقبول اب صرف میرے یا ہماری دلوں میں زندہ ہے دنیا سے وہ چلا گیا، کینسر نے میری دنیا اجاڑ دی لیکن میں چاہتا ہوں کہ مزید کسی کی دنیا کو کینسر اجاڑ نہ دے، کسی بے بس ماں کی آنگن کو تباہ نہ کر دے، کسی والد سے اس کے بڑھاپے کا سہارا، کسی بھائی سے اس کے کاندھا نہ چھین لیں اس لئے میں حکومت وقت، وفاقی وصوبائی، تمام حضرات، بلوچ اور پشتون قبائل کے سربراہان، خضدار سے منتخب عوامی نمائندوں ان سب سے اپیل کرتا ہوں کہ کوئی مجھ سے پوچھے کہ جوان بیٹے کی موت کا صدمہ کتنا دردناک ہوتا ہے اسے برداشت کرنا کتنی حوصلہ کی بات ہوتی ہے اس لئے کوشش کریں کہ خضدار میں انتہائی تیزی سے پھیلنے والی کینسر کی بیماری کی وجوہات جاننے کے لئے اقدامات اٹھائیں اور ساتھ ہی ساتھ خضدار نہ سہی بلوچستان کے کسی بھی کونے میں کینسر کے مریضوں کے لئے ایک جدید ہسپتال کی تعمیر کے لئے اپنی حکومتی، سیاسی، قبائلی اثر رسوخ استعمال کریں کینسر کے ہسپتال کے لئے تمام سیاسی اختلافات، علاقائی اختلافات، قومی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر سوچیں میں جانتا ہوں مقبول واپس نہیں آئے گا میرا مقبول تو چلا گیا کسی اور کا مقبول نہ چلا جائے ڈاکٹر محمد رحیم مینگل کی باتیں یقیناً قابل توجہ ہیں اگر میں گننا شروع کروں تو فہرست بہت لمبی ہے کہ چند سالوں میں خضدار سمت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے درجنوں افراد جن میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد شامل ہیں کینسر کے موذی مرض کی وجہ سے انتقال کر چکے ہیں اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کی کینسر کے ہاتھوں ہلاکت کے باوجود آج تک کسی بھی حکومت نے سنجیدگی سے اس مسئلے کی جانب توجہ نہیں دیا بلوچستان ملک کا وہ واحد صوبہ ہے جہاں کینسر کا جدید ہسپتال نہیں سیمار ہسپتال ہو یا کہ بولان میڈیکل کمپلیکس کوئٹہ دونوں ہسپتال میں کینسر کے اعلاج کے حوالے سے وہ سہولیات موجود نہیں جو ملک کے دوسرے صوبوں کے ہسپتالوں میں موجود ہیں بلوچستان کے گزرے کسی بھی حکومت نے کینسر ہسپتال کی جانب توجہ نہیں دیا موجودہ حکومت کی باتیں بھی اس وقت صرف اخبارات یا فائلوں تک محدود ہیں اس وقت کینسر کے حوالے سے سب سے متاثر علاقہ خضدار ہے ایک ایک خاندان میں متعدد افراد کینسر کے انتقال کر چکے ہیں زیادہ دور جانے کی ضرورت نہیں بزنجو خاندان کو ہم دیکھیں میر غوث بخش بزنجو کا انتقال کینسر کے باعث ہوا ان کے فرزند میر حاصل خان بزنجو کا حال ہی میں انتقال کینسر کے باعث ہوا اور میر حاصل خان بزنجو کا بھائی میر یزدان بزنجو بھی گلے کی کینسر سے متاثر ہے (اللہ انہیں صحت اور لمبی عمر عطا فرمائیں) اسی طرح ایک اور خاندان جس میں بہن بھائی اور ان کی چچی تینوں کینسر کے مرض سے انتقال کر گئے (ان کا تفصیل نذیر تھوانی کے پاس ہے جو کینسر کے مریضوں کے امداد کے لئے کافی متحرک رہ چکا ہے) دریجان رند سے لیکر مقبول جان تک ہم خضدار کے لوگ درجنوں نوجوان کھو چکے ہیں ابتدائی ذمہ داری حکومت کی بنتی ہے کہ وہ عوام الناس کے لئے کینسر کی جدید سہولیات سے آراستہ ہسپتال کی تعمیر کے لئے اقدامات اٹھائیں دوسری ذمہ داری سیاسی جماعتوں کی ہے کہ وہ اپنی انتخابی منشور میں کینسر ہسپتال کو شامل کر کے اسے عملی جامعہ پہنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں حکومتوں میں بھی سیاسی جماعتیں ہیں اس کے علاوہ جب تک بلوچستان میں کوئی جدید ہسپتال تعمیر نہیں ہوتی تب تک کینسر کے متعلق یہاں واک ان کلینک تعمیر کی جائے جہاں مریضوں کو ابتدائی طبی امداد پہنچانے کے ساتھ ساتھ کینسر کے مریضوں کو یہاں سے بڑے ہسپتالوں میں ریفر کیا جاسکے (شوکت خانم ہسپتال لاہور، انڈس ہسپتال کراچی، کرن ہسپتال کراچی، جناح ہسپتال کراچی، لیاری ہسپتال اوزکانہ) یہ تمام ہسپتالوں تک مریضوں کی رسائی کو ممکن بنایا جائے اور مریضوں کو وہاں تک پہنچانے کے لئے غیر حضرات ان سے بھرپور مالی تعاون کریں امید ہے کہ ایک دن مقبول جان (اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عنایت فرمائیں) کے لئے [illegible] 10600 [illegible] 4000 [illegible]

خضدار کا نوجوان طبقہ مایوس کا شکار ہے

ڈگری لے کر کبھی ادھر کبھی لیویز کبھی صحت کبھی پولیس کا سپاہی کا پوسٹ پر اپلائی کرتا ہے وہ لیویز بھی ہمارے غریب طبقہ کو نہیں وہ لیویز والا پوسٹ کو ایم پی اے معاف نہیں کرتا ہے اس کیلئے بھی دربار پر آتا

ظفر بلوچ

جاتا ہے شائع ہزار پوسٹ ہوتے ہے صرف من پسند بندوں کیلئے۔ نوجوان کو میں سیاست میں بھی جگہ نہیں اج اگر دیکھا جائے سیاست بھی وہ لوگ کر رہا ہے ہمارے معاشرہ میں جو ساتھ میں ٹیچر یا پر کوئی اور سرکاری ڈیوٹی دے رہا ہے صحافی بھی وہ ہے خضدار کا قبائلی رہنما بھی وہ ہے ایک عام سیاسی ورکر سے زیادہ ایک سرکاری ملازم آگے پارٹی میں تنظیم میں یا کوئی فلائی ادارے میں۔ ادھر تو غریب کا خیر ہے امیر کا پوسٹوں پر جنگ چل رہا ہے ڈائنگ کلیئر نہیں کبھی پوسٹ کینسل کبھی تو اچانک لسٹ بغیر ٹیسٹ انٹرویو میرا خضدار کے نوجوان غریب کا راستہ بچا ہوا ہے وہ صرف کمیشن پر اپلائی کرنا باقی سب ہمارے بڑوں کا حوالے ہیں وہ ہمارا ایک فون پر پوسٹ دے سکتے ہیں ایک فون پر اپ کا حق مار سکتے ہیں۔ اج نوجوان حیران ہے یونیورسٹی میں ایم اے کیا ہے ایک بڑا پوسٹ پر اپلائی کیا لیکن اندرویو پر ایک صاحب کے کال پر غریب کو سائیڈ کر دیا اور بڑے نام والا کا بیٹا نے ایک افسر بن گیا۔ اگر اج ایک بندے کیسی ایم پی اے کو ووٹ دیا ہے کل اس کا دروازے پر جاتا اس کو درمیان والے چھوڑتا نہیں پر بھی پہنچ جاتا اپنا پوسٹ یا کوئی اپنا کام سے بات کرتا ہے ایم پی اے درمیان والا کو سونپ تھا۔ تو درمیان والا اپنے اپنا کمیشن الگ مانگتا ہے۔ اج جو پارٹی اپنا حلقہ سے جیت گیا تو محو اپنا لوگوں کیلئے جیتا ہے باقی سب غیر میں شامل اگر ادھر سے ایم پی اے ہے تو سب کا ہے۔ لیکن ادھر خضدار میں رواج کچھ اس طرح ہے۔ ادھر ایم پی اے کے سامنے طلباء کو عزت نہیں ایک جوتے اٹھانے والو کو ہے تعلیم یافتہ کا عزت کوئی نہیں کرتا ادھر۔ ایک دن ضرور ایک غریب گھر سے ایک لیڈر نکلے گا جیسے ثناء بلوچ۔ ڈاکٹر ملک بلوچ پر کوئی تبدیل آسکے ان میر وسردار نکری نے ہمارے صرف خطاب دیا ہے۔۔ شکریہ

جمہوریت کی ڈفلی

اردگان نے مصر میں مرسی کے صدر بننے سے پہلے کہا تھا کہ اب مغرب جمہوریت کی نئی تعریف کی کوششوں میں مصروف ہے اس لیے اگر اخوان المسلمون نے انتخابات جیت بھی لیے تو وہ

برسر اقتدار نہیں آئے گی۔ وہی ہوا، اخوان المسلمون کی منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا بلکہ عوامی احتجاج کو ابھی تک بے دردی کے ساتھ کچلا جارہا ہے۔ اس سارے ظلم کا جمہوریت اور انسانی حقوق کے وہ عالمی پاسبان اور ان کا میڈیا تماشا دیکھ رہے ہیں جو انہی ممالک میں اس چھوٹی سی غیر جمہوری بات پر چیخنا چلانا حق رکھتے ہیں جو ان کے مفادات کے مطابق ہو۔ ساری دنیا مشاہدہ کررہی ہے کہ مصر اور الجزائر میں رائے عامہ کی نمائندگی کرنے والی جمہوری جماعتوں اور انہیں فوجی قوت کے زور سے کچل دینے والی آمریتوں کی امریکا کے حواری دیگر مغربی ممالک کس کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔ ان کے نزدیک جمہوریت کوئی اصول اور فلسفہ نہیں ہے کہ وہ اسے دنیا کے ہر خطے میں اور ہر حال میں کارفرما دیکھنا چاہتا ہے بلکہ یہ محض ایک ہتھیار ہے جسے امریکا اور مغربی ممالک اپنے فلسفہ وثقافت کے فروغ اور مفادات کے حصول وتحفظ کیلئے استعمال کر رہے ہیں اور جمہوریت کے اولین وجود یاروں کے اسی طرز عمل اور رویہ نے خود جمہوریت کی افادیت کو مشکوک بنا کر رکھ دیا ہے۔ امریکا کو اس سے کوئی غرض نہیں ہے کہ عوام کے منتخب نمائندے کیا فیصلہ کر رہے ہیں بلکہ اس کا تارگٹ صرف اور صرف یہ ہے کہ مسلم ممالک میں امریکا اور دیگر مغربی ملکوں نے جو آبادیاتی اور استحصالی نظام مسلط کر رکھا ہے وہ ہر حال میں محفوظ رہے اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچ سکے۔

ترکی کی جمہوری حکومت کا تختہ الٹنے کا جو پلان فیل ہوا اس پر بھی مغرب کی پریشانی سب کے سامنے ہے۔ ترکی میں فوجی بغاوت کے آغاز پر مغربی میڈیا میں خوشی کی جو لہر دیکھی گئی وہ اس بغاوت کی ناکامی کے بعد مایوسی وغم وغصے میں تبدیل ہو گئی۔ مغربی پرنٹ والیکٹرانک میڈیا اس بات پر نوحہ کناں رہا کہ ترکی کو غیر مہذب بننے سے روکنے کی آخری کوشش بھی ناکام ہو گئی۔ جمہوریت پسند مغربی مفکرین کے یہ خیالات ان کے دوغلے پن کی علامت نہیں بلکہ یہی خیالات جمہوریت کے "اصل چہرے" کی عکاسی کرتے ہیں چنانچہ مصر میں اخوان کی حکومت کا تختہ الٹنے کا واقعہ ہو یا الجزائر میں اسلامک فرنٹ کی جمہوری کامیابی کو فتح قرار دینے کا معاملہ، مغربی مفکرین ہر ایسے موقع پر اسی نوع کے خیالات کا اظہار دہرا چار کرتے ہیں۔ یہ کوئی حادثہ یا سادہ قسم کا تضاد نہیں بلکہ اس رویے کی گہری فکری بنیادی ہیں اور ایسے ہی واقعات درحقیقت جمہوریت کی اصلی حقیقت سمجھنے میں مددگار ہوتے ہیں۔

جمہوریت کا اصلی معنی ومقصد لبرل سیکولر نظم کی بالادستی کا قیام ہے البتہ لبرل سرمایہ دارانہ نظام کے داخلی تضادات میں سے ایک بنیادی (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

وزیراعظم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ روک دیا۔ خبر

افغان طالبان کا دورہ پاکستان، افغان امن معاہدہ بچانے کی کوشش

پاکستان کا دورہ کرنے والے افغان طالبان کے چھ رکنی وفد نے سیاسی ٹیم کے سربراہ ملا عبدالغنی برادر کی

قادر خان یوسف زئی

قیادت میں پاکستانی اعلی

شال — بقیہ 1

وارثس سے محفوظ ماحول میں یوم عاشور عقیدت و احترام کے ساتھ، فرقہ واریت اور تعصب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے منائیں گے اور امن و امان کو بھی یقینی بنائیں گے۔ ہفتہ کو صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے یوم عاشور محرم الحرام 1442ھ کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ یوم عاشور یعنی دس محرم الحرام کو اللہ تعالیٰ نے روز اول سے ہی خاص شرف بخشا ہے۔ اس دن تاریخ انسانیت کے بہت سے اہم واقعات رونما ہوئے ہیں، جیسا کہ حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی، جناب نوحؑ کی کشتی سلامتی سے جودی پہاڑ پر اتری، حضرت سیدنا ابراہیمؑ پر نار نمرود گلزار ہوئی اور دوسرے خلیفہ حضرت عمرؓ بھی یوم محرم الحرام کو شہادت کے درجہ پر فائز ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ حضور نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے نواسہ جناب امام عالی مقام حضرت امام حسینؓ نے اپنے اہل بیت اطہار اور رفقائے کار کے ساتھ میدان کربلا میں یوم عاشور کو شہادت پا کر تاریخ اسلام میں اس دن کو قیامت تک کیلئے خاص بنا دیا۔ اس دن نواسہ رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی شہادت کا عظیم واقعہ ہر سال مسلمانوں کو اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ ظالم اور باطل قوتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے وقت آنے پر جان کا نذرانہ پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہادت امام حسینؓ درحقیقت حق کی فتح، ظالم و جابر کے سامنے ڈٹ جانے اور ایثار و قربانی کا استعارہ ہے۔

شال — بقیہ 2

کے لئے پانی لازمی تیاری اور قانون سازی کی جائے گی اور سرکاری شعبہ میں ٹیوب ویلوں کی تنصیب کی ذمہ داری صرف واسا کی ہوگی جبکہ سیکریٹری پی ایچ ای کی سربراہی میں کمیٹی کی تشکیل کا فیصلہ کیا گیا جو شہر میں پانی کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے سفارشات پیش کرے گی، کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ سے متعلق سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی نے بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا کہ منصوبے کی پیشرفت میں اضافہ کے لئے پی سی ون میں ضروری ترامیم تشکیل کے مراحل میں ہے، منصوبے کے تحت شہر میں 400 کلومیٹر فائبر آپٹک بچھائی جارہی ہے اور 1403 سکیورٹی کیمرے نصب کئے جائیں گے، کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں کوئٹہ سمارٹ سٹی اتھارٹی کے قیام کے لئے بھی قانون سازی کی جائے گی۔

شال — بقیہ 3

عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف قرار دیا اور کہا کہ ہم کسی کو بھی معاف نہیں کریں گے عوام کے حقوق پر ہم کسی کو ایسا ناروا عمل کی اجازت نہیں دینگے انہوں نے کہا ہے حکومت نے نورالائی کی عوام کے لئے ایک کروڑ 50 لاکھ روپے منظور کرائے تھے اور محکمہ نے نورالائی کے 200 عوام میں 75 ہزار روپے تقسیم کرنے تھے لیکن محکمہ کے آفیسران نے اس سلسلے میں کوئی ریکارڈ محفوظ نہیں کیا اور کسی میں 5 ہزار روپے تقسیم کئے اور کسی کو ایک روپے بھی نہیں دیئے اور ہم انکے ناروا سلوک کے مذمت کرتے ہیں اور عوام کے حقوق پر کسی بھی قسم کے سودا بازی نہیں کریں گے اور ہم عوام کے ساتھ ہے اور حکومت اس سلسلے میں نیب انٹی کرپشن اور دیگر متعلقہ ادارے اسکا نوٹس لیں اور انکوائری کر کے قصوروار کو سخت سزا دیں اور اس سلسلے میں رقم میں خورد برد اور عوام کے ساتھ ناجائز عمل کو نوٹس لیا جائے۔۔

شال — بقیہ 4

سے اساتذہ اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات، صفائی ستھرائی کے انتظامات، میل باتھز، یونیورسٹی کے احاطے میں زیر تعمیر وائر ٹیک اور ڈیجیٹل لائبریری کا معائنہ کیا، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ اگرچہ یونیورسٹی کے امور و معاملات اور کارکردگی میں اب خاصی بہتری آئی ہے تاہم کارکردگی کی مزید بہتری کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اساتذہ اور زیر تعلیم اسٹوڈنٹس کو میرٹ پر پائنٹز لاٹ کیئے جائیں۔ انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمن کو ہدایت کی کہ فرائض کی عدم ادائیگی اور غیر حاضر رہنے کی صورت میں بلا امتیاز قانونی کاروائی کی جائے۔ گورنر یاسین زئی نے محدود وسائل کے باوجود تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور صحتمند ماحول کو فروغ دینے کیلئے اٹھائے گئے اقدامات اور اساتذہ اکرام کے جذبے کو سراہا۔ گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال اور قدرتی آفات کے دوران خدمت خلق کا جذبہ بہت موثر رہتا ہے، انہوں نے کہا کہ بلال اصغر بلوچستان کی جانب سے عالمی وبا کووڈ۔ ۱۹ متاثرین اور حالیہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں لوگوں کو امدادی سامان کی بروقت ترسیل لائق تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ بلال اصغر بلوچستان کی کارکردگی سے بریفنگ کے دوران کیا۔ اس موقع پر بلال اصغر بلوچستان کے چیئرمین ایڈوکیٹ اکرم شاہ بھی موجود تھے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ صوبے بھر میں رضاکاروں کی تعداد بڑھانے اور ریلیف کی سرگرمیوں کو دیگر اضلاع تک وسعت دینے کی ہدایت کی۔ گورنر بلوچستان نے ریڈ کریسنٹ سوسائٹی بلوچستان کی ٹیم اور انکے رضاکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنے ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔

شال — بقیہ 5

کے بعد ازاں سبسہ کے عوام نے بلوچستان ہائی کورٹ کے ججز کو اپنے مسائل سے آگاہ کئے کمشنر خضدار سعید عمرانی، جسٹس نذیر احمد لانگو، ڈی سی واشک شفقت انور شاہوانی، اسسٹنٹ کمشنر سبسہ ڈاکٹر علی بلوچ، سیشن جج خاران حیات خان، ایڈیشنل جج خاران، ایس پی ایڈ آر جہان زیب، ایڈوکیٹ حبیب الرحمن، میر خدا رحیم عیسیٰ زئی، حاجی حس واحد عیسیٰ زئی، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن واشک کے صدر رحیم اللہ ایڈوکیٹ، ایڈوکیٹ نذر جان عیسیٰ زئی، ایڈوکیٹ عبداللطیف اور دیگر بھی موجود تھے۔۔

شال — بقیہ 6

کیسپ لگائیں گے جس میں بلوچستان کے اداکاروں سمیت دیگر مخیر حضرات بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کہا کہ وہ ایوب کھوسہ صاحب کے جذبات و خدمت انسانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں تمام مخیر حضرات کو حکومتی اقدامات کا ساتھ دینا چاہئے تاکہ ایک بہترین معاشرہ تشکیل پا سکے، حکومت بلوچستان سیلاب متاثرین کی ہر ممکن امداد کر رہی ہے جس کے لئے پی ڈی ایم اے و دیگر انتظامیہ کو متحرک کیا گیا ہے اور امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے، بلوچستان کے عوام اس مشکل وقت میں صوبہ سندھ کی عوام کے ساتھ ہیں انکی کسی طرح بھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔۔

شال — بقیہ 7

کالز بھیجیں ایس ایچ او مراد کاسی، عبدالرزاق چوہدری، ایس ای ایریگیشن ریاض بلوچ، ایکسین پی ایچ آر ارسلا رند نے شرکت کی کمشنر نصیر آباد جاوید نسیم قریشی نے چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نصیر آباد ڈویژن میں حالیہ ماہ اگست کے دوران شدید بارشوں کی وجہ سے دریائے نازی، دریائے بولان دریائے مولہ میں شدید سیلابی صورتحال پیدا ہوئی جس کی وجہ سے کافی نقصانات ہوئے ہیں جس میں قیمتی املاک کے علاوہ روڈ نیٹ ورک کمیونیکیشن سسٹم اور کئی پل متاثر ہوئے اس کے علاوہ کینال سسٹم اور بیراج بند میں بھی کافی جگہوں پر شگاف پڑنے سے حکومت بلوچستان نے فوری اقدامات کر کے پی پی ٹی پل کو بحال کیا اور کوئٹہ کو سندھ و پنجاب سے آنے والی ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا اور روڈ نیٹ ورک کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے جس کے لیے تمام اضلاع میں ہیوی مشینری، پیچنگ مشین، جرنیٹر و دیگر ضروری سامان فراہم کئے گئے اور متاثرہ علاقوں کے عوام کے لئے پی ڈی ایم اے (PDMA) نے بروقت راشن ٹینٹ و دیگر ضروری اشیاء فراہم کی جو تمام ڈپٹی کمشنر ز صاحبان نے اپنے اضلاع کے متاثرہ افراد میں تقسیم کئے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے صوبائی حکومت ضلعی انتظامیہ کو مشینری اور دیگر ریلیف کے کاموں میں خلنڈ فراہم کر رہی ہے تاکہ لوگوں کو ہر قسم کی مشکلات سے بچایا جا سکے ڈیرہ بگٹی سوئی سے پٹ فیڈر کینال کو چار سو فٹ کا بڑا شگاف لگا جس کی وجہ سے پانی کے دباؤ میں مزید اضافہ ہوا اور پٹ فیڈر کینال کو گندوہ کے مقام سے بند کر دیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر نے کہا کہ قدرتی آفات سے لڑنا نہیں جا سکتا مگر اس سے احتیاطی تدابیر اختیار کر کے زندگیاں محفوظ بنائی جا سکتی ہیں نصیر آباد ڈویژن کے تمام ڈپٹی کمشنرز نے کمشنر عابد سلیم قریشی کی قیادت میں جو اپنی ذمہ داریاں احسن انداز سے نبھائی ہیں وہ قابل تحسین ہیں ہمیں عوام کی خدمت کرنے کے لیے متعین کیا گیا ہے تاکہ مشکل حالات میں عوام کا بھرپور انداز میں ساتھ دیا جا سکے حالیہ تباہ کن بارشوں نے نصیر آباد ڈویژن کے بیشتر علاقوں کو اپنی لپیٹ کی زد میں رکھا ہوا ہے۔

شال — بقیہ 8

حلقے کے عوام کی تقدیر بدل دینگے دو سال کے مختصر عرصے میں ضلع کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے اربوں روپوں کا فنڈ منظور کرائے ہے ہماری کارکردگی کو دیکھ کر حلقے کے عوام جوق در جوق پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں بلدیاتی اور آنے والے عام انتخاب میں تمام نمائندگی، وہ قوم پرستوں سمیت دیگر جماعتوں کا مکمل صفایا ہو جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے تین روزہ دورہ حلقہ انتخاب کے دوران مختلف عوامی اجتماعات، شمولیتی تقریبات، ترقیاتی منصوبوں اور سرکاری دفاتر کا اچانک دورہ کرنے کے دوران اپنے خطاب اور عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے گلی زندہ کے پرانے کاریز کا دورہ کیا گیا جو کہ کئی سالوں سے خشک ہو چکا تھا حکومت کی جانب سے آٹھ کروڑ روپے خرچ کرنے بعد کاریز میں واپس پانی آنا شروع ہو گیا جبکہ صوبائی وزیر نے علاقے کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ مذکورہ کاریز کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مزید 6 کروڑ روپے منظور کرنے کی کوشش کرونگا اسکے علاوہ صوبائی وزیر نے سنجاوی میں ناروا آٹس کا دورہ کیا اور ناروا علاقے کو عوام کو بروقت شناختی کارڈ جاری کرنے کی ہدایت کی اسکے علاوہ سنجاوی موبیل کمیٹی میں عوام کے مسائل سنے جہاں پر سینکڑوں لوگوں نے صوبائی وزیر کو اپنے مسائل پیش کئے بعض ساتھیوں کے مسائل کے حل کیلئے موقع ہی پر اقدامات جاری کئے اس کے علاوہ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے سنجاوی میں ایک بہت بڑے شمولیتی اجتماع سے خطاب کیا۔

شال — بقیہ 9

اہمیت کا حامل ہے، وفاقی اور سندھ حکومت مل کر بحرانی کیفیت میں بہتری لا سکتے ہیں۔ ہفتہ کو اپنے بیان میں صدر مملکت رڈاکٹر عارف علوی نے وزیر اعظم عمران کی جانب سے کراچی کے مسائل کے حل کیلئے بیان پر کہا کہ وفاقی اور سندھ کی صوبائی حکومت کے درمیان اشتراک کار کا فیصلہ مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے مون سون کی وجہ سے کراچی کے موجودہ بحران کے حل میں مدد ملے گی بلکہ اس سے مستقبل کی منصوبہ بندی میں بھی مدد ملے گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس مثبت پیش رفت اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان باہمی تعاون سے موجودہ شدید ترین بحران پر قابو پانے میں مدد ملے گی بلکہ مستقبل میں نکاسی آب کے نالوں، سیوریج ٹریٹمنٹ، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، صاف پانی فراہمی اور ٹرانسپورٹ سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے مشترکہ فیصلے کیے جا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور دیگر سندھ کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔

شال — بقیہ 10

حل کریں گے۔ ہفتہ کو ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ بارش سے کراچی کے عوام کی تکالیف کا پوری قوم کو احساس ہے، مشکل گھڑی میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبائی حکومت کراچی کے تین بڑے مسائل کے حل پر کام کرے گی، شہر میں نالوں کی صفائی کے ساتھ تجاوزات کو مکمل ہٹایا جا رہا ہے، کچرے اور سیوریج کے مسائل کا مستقل حل نکالا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کراچی میں نالوں کی صفائی اور نکاس آب کے مسئلے کا مستقل حل نکالیں گے، کراچی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ بھی حل کریں گے۔

شال — بقیہ 11

بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب بولان کے علاقے ہلیر پل کے قریب پکنک مناتے دو بھائی محمد علی اور عبدالصمد ولد شبیر احمد پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ تحصیل مچھ میں واقع مقامی کوئلہ کان میں نیلہ کی رسی ٹوٹنے کی وجہ سے حادثے کے نتیجے میں تین کانکن برکت اور یعقوب سمیت تین کانکن زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے۔

شال — بقیہ 12

کے پہلے روز 12 افراد کے کیسز سنے جائیں گے جن کا تعلق بلوچستان کے مختلف علاقوں سے ہے کمیشن 12 ستمبر تک مجموعی طور پر 118 لاپتہ افراد کے کیسز کی سماعت کریگا۔

شال — بقیہ 13

کہ حسینیت کا فلسفہ انسان کو خوف سے آزادی دلاتا ہے اور مقبوضہ کشمیر کے عوام اسی فلسفے پر عمل کر کے جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ وادی میں آج عزاداری اور محرم کے جلوسوں پر پابندی ہے، وہاں مذہبی آزادی پر بھی قدغن ہے اور عیدگاہ کی نماز کی بھی اجازت نہیں دی گئی تھی، انسانی حقوق کے علمبرداروں کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا نوٹس لینا ہوگا۔ شاہ محمود نے کہا کہ ماہرین کے خدشے کے مطابق آج ملک میں کورونا متاثرین کی تعداد 20 لاکھ ہونی چاہیے تھی تاہم اللہ کا کرم ہوا اور آج پاکستان میں 91 فیصد ویٹی لیٹرز خالی ہیں، اسپتالوں میں خصوصی وارڈز پر دباؤ نہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ماہرین کو رہ رہ کر اس کنٹرول کرنے پر پاکستان کی کیس اسٹڈی کرنا چاہتے ہیں، کورونا کا خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہمیں احتیاط کرنا ہوگی، خدشہ ہے کہ سردیوں میں کورونا کی دوسری لہر آسکتی ہے اس لیے احتیاط کرنا چاہیے۔ کراچی کا ذکر کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ کراچی کے لیے دعا کریں، آج کراچی والے مشکلات سے دوچار ہیں، وہاں سیوریج، نکاسی اور پانی کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا، کراچی میں انتظامیہ نے اپنی تجوریاں بھریں، شہر کو اس کے حال پر چھوڑ دیا، کراچی میں کسی قسم کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی۔۔

شال — بقیہ 14

میں بیان شہادت کے جذبے کا ایک بہترین نمونہ ہے جسے قیامت تک یاد رکھا جائے گا۔ تحریک نے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں حضرت امام حسینؓ اور ان کی ساتھیوں کی ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو انہوں نے حق اور سچ کی خاطر دیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھی قرآنی تعلیمات، برداشت، قربانی اور جذبہ شہادت کی ایک لازوال مثال ہیں۔ تحریک نے کہا کہ بحیثیت مسلمان یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم ان طاغوتی قوتوں کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہو جائیں جو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے معاشرے میں انتشار پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

شال — بقیہ 15

بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے بات چیت کرتے ہوئے کیا جنہوں نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مقبوضہ کشمیر کی تازہ ترین صورتحال، آزاد کشمیر میں وفاق کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں اور معاشی صورتحال سے متعلق بات چیت کی گئی، اس موقع پر وفاقی وزیر نے مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں اسرائیل طرز کی پالیسیز اپنا کر مقبوضہ کشمیر کی ڈیموگرافی کرانا چاہتا ہے جس کو غیور اور بہادر کشمیری عوام کسی صورت میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی سے متعلق بات چیت کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ آزاد کشمیر کی ترقی و خوشحالی وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور یہی وجہ ہے کہ وفاقی حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود آزاد کشمیر کے ترقیاتی بجٹ میں اضافہ کیا، انہوں نے کہا کہ 6.3 ارب روپے کا ایل او سی بیج، صحت سہولت کارڈ، احساس پروگرام اور کوہالہ ہائیڈل جیسے منصوبے وزیر اعظم عمران خان کے وژن کے آئینہ دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں سے آزاد کشمیر کے عوام کو صحت اور روزگار کی بہتر سہولیات میسر ہوں گی۔

شال — بقیہ 16

رہیں بلدیاتی انتخابات سمیت مستقبل میں مسلم لیگ (ن) کی ہوا چل پڑی ہے عوام دونوں سے ایک بار پھر ہم بھاری اکثریت سے منتخب ہونگے، یہ بات انہوں نے پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری وسابق ایکٹر جمال شاہ کاکڑ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر جمال شاہ کاکڑ نے صوبائی صدر کو پارٹی کی کارکردگی، سرگرمیوں کے حوالے پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو رونا دائرس کے بچاؤ سے لیکر اب تک بلوچستان کے عوام کی ہر ممکن خدمت کی ہے کارکنوں اور پارٹی رہنماؤں نے کورونا وائرس، زلزلے، سیلاب کے دوران عوام کے بیچ رہ کر انکے مسائل کے حل کی کوشش اور ہر ممکن امداد کی یہی وجہ ہے کہ آج مسلم لیگ (ن) ایک بار پھر عوام میں مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔

شال — بقیہ 17

تھی امدادی کئی پولیس نے واقعہ کی رپورٹ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

شال — بقیہ 18

ہسپتال نے وزیراعلیٰ کو کارڈیک وارڈ اور ہسپتال کے دیگر امور پر بریفنگ دی، وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ کارڈیک وارڈ کو ضروری آلات سے آراستہ کر کے جلد از جلد فعال کیا جائے، انہوں نے کارڈیک وارڈ میں بعض ضروری تبدیلیوں کی ہدایت بھی کی جبکہ وزیراعلیٰ نے کارڈیک وارڈ اور سول ہسپتال کے دیگر امور کے جائزہ کے لئے جلد اجلاس طلب کرنے کی ہدایت کی۔

شال — بقیہ 19

عوام کے اشتراک سے کارنر کھڑے ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی تمام اقوام کی نمائندہ جماعت ہے وہ صوبے میں کسی کو تفریق اور مغائرت کی سیاست کرنے نہیں دیگی اور خوش حال پرامن اور تعلیم یافتہ بلوچستان کی تشکیل کے لئے عوام آئندہ انتخابات میں جمعیت کو کامیاب بنانے کیلئے ابھی سے ترجیحی کنونشن میں اپنی شراکت کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے روشن کردار ادا کیا ہے صوبے کی خوشحالی قوموں کے درمیان ہم آہنگی اور محبت کا نام ہی جمعیت علماء اسلام ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور نظریاتی طور پر اسلام سے جڑا ہوا ہے اس میں کوئی اور نظریہ نہیں چل سکتا پاکستان کے قیام کا مقصد بڑا واضح ہے کہ آئین قرآن و سنت پر مبنی ہوگا اس کے حصول کیلئے ہماری جدوجہد مرتے دم تک جاری رہے گی انہوں نے کہا کہ امریکہ اور مغرب کے دباؤ میں آکر وقت کے حکمرانوں نے ہمیشہ آئین سے انحراف کر کے قادیانی لابی اور یہودی لابی کو سپورٹ کیا ہے اس کا راستہ روکنا ووٹ کے ذریعے عوام کی ذمہ داری ہے۔

شال — بقیہ 20

کوئٹہ والی کی رہائش کا پروٹوکول ہوں سے ملنے اور فائرنگ کے واقعے پر اپنے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ عمل قرار دیا ہے۔ یہاں جاری کئے گئے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم اس افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور اسے بلوچ روایات اور اقدار کے خلاف سمجھتے ہوئے اس میں ملوث عناصر کو خبردار کرتے ہیں کہ وہ اپنی ان بزدلانہ حرکتوں سے ہمیں چوکا نہیں سکتے اور نہ ہی خاندان کے عوام کے دلوں سے نکال سکتے ہیں ہم ان عناصر کو اچھی طرح جانتے ہیں ہم نے پہلے بھی ان کا مقابلہ کیا تھا اور آئندہ بھی کریں گے میر عبدالکریم کوشیرانی نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ شرافت کی سیاست کی ہے اور ہم خاندان کے عوام کی خدمت یوں ہی جاری رکھیں گے اور اس میں آنے والی ہر رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے عوام کی ہی طاقت کو استعمال کریں گے۔

شال — بقیہ 21

منانے کیلئے آئے دو سگے بھائی نہاتے ہوئے یہاں ڈوب گئے کوئلہ کان میں حادثہ تین افراد زخمی لاشیں ورثا کے حوالے ڈیڈیوں کو طبی امداد کیلئے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق بولان ہلیر پل کے مقام پر ندی میں نہاتے ہوئے دو سگے بھائی محمد علی اور منیر احمد ولد شبیر احمد قوم شاہوانی سکنہ کوئٹہ گہرے پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے نعشوں کو ڈھاڈر لیویز نے ضابطے کی کاروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا دریں اثنا مچھ مقامی کوئلہ کان میں دوران کام نیلہ ٹوٹنے کے باعث برکت علی محمد یعقوب سمیت تین کان کن زخمی ہو گئے زخمی کان کنوں کو مچھ میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔۔

شال — بقیہ 22

ٹوئیٹیشن جاری کر دیا، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ریگولیشن سیکشن I کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق نوجوانوں کیلئے ملازمت میں عمری کی بالائی حد 43 سال کی رعایت ہوگی، نوٹیفکیشن کے مطابق سول سروس پوسٹ رولز 2012ء کے تحت حکومت بلوچستان نے نوجوانوں کو عمر میں رعایت ہوگی جو نئے امیدوار اور سرکاری ملازمین کو حاصل ہوگی۔ نوٹیفکیشن کی مدت 24 جون 2020ء سے 23 جون 2020ء تک ہوگی۔

شال — بقیہ 23

ذرائع کے مطابق پاک افغان چمن بارڈر اور پاک ایران تفتان بارڈر کو محرم الحرام میں سیکورٹی خدشات کے پیش نظر بند کر دیا گیا تھا گزشتہ روز دونوں بارڈرز کو مکمل طور پر کھول دیئے گئے اور پیدل آمد و رفت شروع ہو گئی بلکہ چمن بارڈر کے کھلنے سے نیٹو سپلائی دو طرفہ تجارت دوبارہ بحال ہو گئی ہے۔۔

شال — بقیہ 24

بارشوں کے بعد حب ڈیم پانی سے بھر گیا ڈیم کے سیلابی پانی سے پانی کا اخراج شروع کر دیا گیا ہے نشیبی علاقوں کے رہائشیوں کو سیلابی پانی سے دور رہنے کی اطلاع دے دی گئی ہے ڈیم کے قریبی آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں شہریوں سے گزارش ہے کہ حب ڈیم کے ندی نالوں کے قریب جانے سے گریز کریں۔ حب ڈیم میں مسلسل سیلابی ریلے داخل ہونے سے ڈیم میں پانی کی گنجائش مکمل ختم ہو چکی ہے اسپیل وے سے خارج ہونیوالے پانی میں نہانے اور پکنک منانے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

شال — بقیہ 25

کیلئے ایشیپو سینٹر میں ریلیف کیمپ قائم کر دیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہری انتظامیہ کی مدد کیلئے پاک فوج نے ایشیپو سینٹر میں ریلیف کیمپ قائم کیا ہے۔ ریلیف کیمپ 3 ہزار 600 بستروں پر مشتمل ہے، کیمپ میں آنے والے افراد کو طبی امداد اور خوراک فراہم کی جائے گی۔۔

شال — بقیہ 26

کراچی سمیت ملک کے دیگر علاقوں میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم متحد ہو کر سیلاب سے متاثرہ اپنے بھائیوں بہنوں کی مدد کرے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پارٹی رہنماؤں، منتخب نمائندوں، عہدیداروں اور کارکنان کو حق سے تاکید کرتا ہوں کہ متاثرین کی مدد کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں، وفاقی حکومت صوبوں کی مدد کے لیے جامع منصوبہ بندی کی راہ اپنائے، سیلاب اور طوفانی بارشوں سے نقصانات کی اطلاعات پہلے سے موجود تھیں، حیرانی ہے کہ حکومت نے کیا تیاری کی تھی، سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر متاثرہ عوام کی خدمت کو یقینی بنایا جائے۔۔

شال — بقیہ 27

عاصم سلیم باجوہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قومی جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے بہترین بیانیہ تشکیل دیا اور مشکل ترین حالات میں اس بیانیے کی ترویج کی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اب عاصم سلیم باجوہ ہی پیک منصوبے کی تکمیل میں شاندار کارکردگی دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ ملک دشمن ان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم ان کے پروپیگنڈا سے لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ کو کوئی فرق نہیں پڑے گا اور وہ ملک کی خدمت کرتے رہیں گے۔۔

شال — بقیہ 28

پیغام میں کہا ہے کہ یوم عاشورہ کا دن ہمیں اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جو نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں نے دین کی حفاظت و حرمت کے لئے پیش کی۔ حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں سے ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی ملتی ہے اور اگر نواسہ رسول کی جدوجہد کے ان پہلوؤں کو پیش نظر رکھ کر اپنے راستے کا تعین کیا جائے تو معاشرے کو جن مسائل کا سامنا ہے ان پر آسانی سے قابو پایا جا سکتا ہے۔ اپنے بیان میں واقعہ کربلا ہمیں اہم ترین سبق دیتا ہے کہ معاشرے اور ریاست کے معاملات چند افراد یا کسی گروہ کی خواہشات کے تابع نہیں کیے جا سکتے کیونکہ ان امور کا براہ راست تعلق شرف انسانی، آزادی اور فلاح انسانیت کے عظیم مقاصد میں سے ہے جنہیں مذہب اسلام کے رہنما اصولوں کے تحت مشاورت اور اجتماعیت کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے، واقعہ کربلا کی عظیم قربانیاں ہمیں یہ بھی سکھاتی ہیں کہ انسان حق کو حق اور باطل کو باطل کہنے کا اپنے اندر حوصلہ پیدا کرے، واقعہ کربلا ہمیں اعلیٰ مقاصد کے حصول کی خاطر ایثار و قربانی، صبر و استقامت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ استقامت حق کا حصول ہی وہ مشن ہے جس کے لئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جا سکتا یہی وہ عمل ہے جسے امام حسینؓ نے اختیار کیا اور ہمیں حق کی سربلندی کے لئے ڈٹ جانے کا پیغام دیا۔ آج کا دن نواسہ رسول اور جگر گوشہ بتول کے عظیم انکار و اعمال اور ثابت قدمی کا دن ہے۔ ہمیں محرم الحرام کے موقع پر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے عظیم خانوادے کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ یہ عہد بھی کرنا چاہیے کہ اپنے انفرادی اور اجتماعی معاملات خاندان رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سرانجام دیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو آمین

شال — بقیہ 29

جوائنٹ سیکرٹری رشید ناصر، جنرل سیکرٹری مابت کاکا جمال الدین رشتیا اور دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ میں اپنی اور پارٹی کی جانب سے شمس جلالزئی کو مبارکباد دیتا ہوں اور اس طرح سیاسی لوگوں کے آنے سے پارٹی مزید فعال ہوگی انہوں نے کہا کہ وفاقی سطح پر اپوزیشن نے جو بھی فیصلہ کیا ہم ان کا ساتھ دینگے لیکن صوبائی سطح پر ہم حکومت کا حصہ ہیں اور پچھلے سینٹ کے الیکشن میں حکمران جماعت کے ساتھ جو معاہدہ کیا اس پر مکمل عملدرآمد کرینگے جہاں تک ضمنی الیکشن کا تعلق ہے اس پر ہم نے حکومتی جماعت کی حمایت کی ہے انہوں نے کہا کہ ملک کا نظام چلانے کیلئے باچا خان کے افکار کے بغیر نامکمل ہے آج بھی وقت ہے کہ عوام باچا خان کے افکار پر عملدرآمد کرتے ہوئے ملک کے مسائل سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں اس موقع پر شمس جلالزئی نے شمولیت اختیار کرتے ہوئے کہا کہ ہم سوچ سم

وفاقی سطح پر اپوزیشن نے جو بھی فیصلہ کیا ہم ان کا ساتھ دینگے، اصغر اچکزئی

لیکن صوبائی سطح پر ہم حکومت کا حصہ ہیں اور پچھلے سینٹ کے الیکشن میں حکمران جماعت کے ساتھ جو معاہدہ کیا اس پر مکمل عملدرآمد کریگے

ہم سوچ سمجھ کر اے این پی میں شامل ہوئے ہیں تاکہ پشتونوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کریں، پارلیمانی لیڈر، شمس جلازئی

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے پاکستان کے مشہور اداکار ایوکوسہ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ دو سال تک پی ٹی آئی نے اپنا کوئی وعدہ پورا نہیں کیا اے این پی کے پلیٹ فارم سے جدوجہد جاری رکھی جائے گی ہمارے لیے قمر باچا خان کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں اس وقت ہمیں جتنی بھی مشکلات کا سامنا ہے اس کا واحد حل قمر باچا خان میں ہے جلد جنوبی پشتون کی عوام قمر باچا خان کی سوچ سے اتفاق کریگے سینٹ کی خفیہ انتخابات میں موجودہ حکومت کی حمایت کی ہے' یہ بات انہوں نے پاکستان تحریک انصاف ضلع قلعہ سیف اللہ کے صدر شمس جلازئی اور انکے ساتھیوں سمیت اے این پی میں شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر مرکزی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے گریڈ 16 اور اس سے اوپر کے گریڈز کی پروموشن کیلئے گریجویشن کی شرط لازمی قرار دیدی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے گریڈ 16 اور اس سے اوپر کے گریڈز کی پروموشن کیلئے گریجویشن کی شرط لازمی قرار دیدی۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل اینڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ریگولریشن سیکشن II) کے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ جاز حکام نے فیصلہ کیا ہے کہ گریڈ 16 اور اس سے اوپر کے گریڈز کیلئے کم سے کم تعلیم گریجویشن کی شرط لازمی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی میدان کربلا میں دی گئی عظیم قربانی کی یاد میں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں یوم عاشورہ (10 ویں) محرم کو مذہبی عقیدت و احترام سے منایا گیا

اس موقع پر سیکورٹی کیلئے، پولیس، لیویز، بلوچستان کانسٹبلری اور ایف سی کے 10 ہزار اہلکار تعینات رہیں

کوئٹہ (آن لائن) نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی میدان کربلا میں دی گئی عظیم قربانی کی یاد میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں یوم عاشورہ (10 ویں) محرم کو مذہبی عقیدت و احترام سے منایا گیا، اس موقع پر سیکورٹی کیلئے، پولیس، لیویز، بلوچستان کانسٹبلری اور ایف سی کے 10 ہزار اہلکار تعینات رہیں بلکہ موبائل فون سروس بھی دن بھر معطل اور پاک فوج الرٹ رہا، یوم عاشورہ کے موقع پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر میں یوم عاشور مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ پرامن طور پر منایا گیا

کوئٹہ سمیت متعدد اضلاع میں موبائل فون اور وائرلیس انٹرنٹ سروس بھی معطل رہی جو جلوسوں کے اختتام پذیر ہونے کے بعد رات گئے بحال کردی گئی

کوئٹہ، خضدار، سبی، حب، مچھ سمیت دیگر اضلاع میں 10 محرم الحرام کو سخت سیکورٹی میں جلوس نکالے گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم عاشور مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ پرامن طور پر منایا گیا، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم عاشور مذہبی عقیدت و احترام سے منایا گیا کوئٹہ، خضدار، سبی، حب، مچھ سمیت دیگر اضلاع میں 10 محرم الحرام کو سخت سیکورٹی میں جلوس نکالے گئے جبکہ کوئٹہ سمیت متعدد اضلاع میں موبائل فون اور وائرلیس انٹرنٹ سروس بھی معطل رہی جو جلوسوں کے اختتام پذیر ہونے کے بعد رات بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی یونیورسٹی آف بلوچستان کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹیو باڈی کا اجلاس نو ستمبر کو طلب کرلیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹیو باڈی کا اجلاس نو ستمبر کو طلب کرلیا گیا۔ اس ضمن میں بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری پروفیسر نذیر لہڑی کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق بی پی ایل بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

خضدار لیویز فورس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) خضدار لیویز فورس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ لیویز کے مطابق اپنی کمشنر خضدار ڈویژن بلوچ اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ کے احکامات کی روشنی میں لیویز لائن آفیسر ریاض احمد محمر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں عاشورہ محرم کے جلوسوں کے پرامن انعقاد اور اختتام پر اطمینان کا اظہار کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں عاشورہ محرم کے جلوسوں کے پرامن انعقاد اور اختتام پر اطمینان کا اظہار کیا ہے جبکہ وزیراعلیٰ نے جلوسوں کی سیکیورٹی کے بہترین اقدامات پر پولیس، ایف سی، لیویز، انٹیلیجنس اور معاونت کی فراہمی پر پاک فوج کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ فول پروف حفاظتی انتظامات ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں جس کے لئے سیکیورٹی کے تمام ادارے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ وزیراعلیٰ نے فرقہ وارانہ اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ پر تمام مکاتب فکر کے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

حضرت امام حسینؓ کا باطل کے خلاف بلند کیا ہوا علم بلند حوصلے کے ساتھ سربلند رکھیں گے، آصف علی زرداری

ہر طرح کا جبر برداشت کریں گے مگر وقت کے کسی باطل کے سامنے سر نہیں جھکائیں گے، یوم عاشور پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ نواسہ رسول امام عالی مقام شہید کربلا حضرت امام حسینؓ کا باطل کے خلاف بلند کیا ہوا علم بلند حوصلے کے ساتھ سربلند رکھیں گے، ہر طرح کا جبر برداشت کریں گے مگر وقت کے کسی باطل کے سامنے سر نہیں جھکائیں گے۔ یوم عاشور پر اپنے پیغام میں سابق آصف علی زرداری نے نواسہ رسول کے حضور سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ امام کائنات حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے خاندان کی قربانی دیکر حق اور صداقت کو فتح مند کیا، سابق بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

حکومت کے جانب سے ریلیف اور بحالی کے کام نہ ہونے کے برابر ہیں، سردار محمد یعقوب خان ناصر

حکومت اس سنگین صورتحال میں بھی سیاست کررہی ہے کراچی سمندر کا حشر اور ترک ہونے جارہا ہے، مرکزی سینئر نائب صدر مسلم لیگ (ن)

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سینیٹر تک کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پورے ملک میں حالیہ بارشوں سے سو افراد ہلاک ہوئے جس میں بلوچستان کے بیس افراد بھی شامل ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کے جانب سے ریلیف اور بحالی کے کام نہ ہونے کے برابر ہیں حکومت اس سنگین صورتحال میں بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ کی دردناک قتل نے بلوچستان میں نوجوانوں کو مزید عدم تحفظ کا شکار کردیا ہے' بی این پی

پیک ترقی کا محور کے بجائے بلوچ کش کا محور ثابت ہورہا ہے' ماں باپ بچوں کے جوان ہونے پر احساس بے سکونی میں مبتلا ہوتے ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ حیات بلوچ کی دردناک قتل نے بلوچستان میں نوجوانوں کو مزید عدم تحفظ کا شکار کردیا ہے۔ ماں باپ بچوں کے جوان ہونے پر احساس بے سکونی میں مبتلا ہوتے ہے۔ سی پیک ترقی کا محور کے بجائے بلوچ کش کا محور ثابت ہورہا ہے۔ آگ و خون کی دلدل سے نکالنے کے لیے مائنڈ سیٹ کو تبدیل کرکے بلوچ نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے سے ہی حقیقی معنوں بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد شہر کو بارش نے ایک بار پھر ڈبو دیا رات کو تیز بارش نے نشیبی علاقے زیر آب کردیے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد شہر کو بارش نے ایک بار پھر ڈبو دیا رات کو تیز بارش نے نشیبی علاقے زیر آب کردیے، نالیوں اور بارش کا پانی نے، دکانوں اور گھروں کا رخ کردیا شہری اور تاجر سخت پریشان ہوگئے میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر مکمل طور پر ناکام ہوگئے شہری بے یارومددگار ہوکر رہ گئے شہری بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ملک دشمن عناصر پاکستان کو عراق و شام بنانا چاہتے ہیں' اہلسنت والجماعت

کراچی، اسلام آباد سمیت ملک بھر میں ایک منظم سازش کے تحت صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخیاں کی جارہی ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) اہلسنت والجماعت کے رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کراچی، اسلام آباد سمیت ملک بھر میں ایک منظم سازش کے تحت صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخیاں کی جارہی ہیں ملک دشمن عناصر پاکستان کو عراق و شام بنانا چاہتے ہیں حکومت اور ادارے خواب غفلت سے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ستمبر کو مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس زیر صدارت مرکزی امیر مولانا حامد الحق ہوگا

22 ستمبر کو کوئٹہ میں صوبائی شوریٰ جبکہ 23 ستمبر کو کوئٹہ میں مولانا سمیع الحق شہید کے یاد میں سیمینار ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) ستمبر کو مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس زیر صدارت مرکزی امیر مولانا حامد الحق ہوگا 22 ستمبر کو کوئٹہ میں صوبائی شوریٰ جبکہ 23 ستمبر کو کوئٹہ میں مولانا سمیع الحق شہید کے یاد میں سیمینار ہوگی پاکستان بھر میں جمعیت علماء اسلام (س) منظم اور فعال ہورہی ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈویژن چیف سیکرٹری بلوچستان کمیشن (ر) فضیل اصغر کو کمشنر عابد سلیم قریشی سیلابی صورتحال کے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

ہمارا تعلق جمعیت علمائے اسلام جیسے عظیم جماعت سے ہے' حافظ عین الدین

جمعیت علما اسلام عالم اسلام کے لئے نعمت عظمیٰ سے کم نہیں ہے ہمیں شکر ادا کرنا چاہیے' ڈاکٹر محمد یوسف بزنجو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام عالم اسلام کے لئے نعمت عظمیٰ سے کم نہیں ہے ہمیں شکر ادا کرنا چاہیے کہ ہمارا تعلق جمعیت علمائے اسلام جیسے عظیم جماعت سے ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام بزنجو کالونی یونٹ کے امیر مولانا حافظ عین الدین جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد یوسف بزنجو حاجی نبی محمد بزنجو مولانا حمید اللہ عزیزی نے جمعیت علمائے اسلام بزنجو آباد یونٹ کے محلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یونٹ کیا میر حافظ عین الدین لیکھا کہ ہمیں شکر ادا کرنا چاہیے کہ ہمارا تعلق ایک ایسی جماعت سے ہے جن کی قیادت بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

حکومت بچی کی فوری بحفاظت بازیابی کو یقینی بنائے، جاوید احمد خان

ریلے کالونی سے اغوا ہونے والی بچی لاریب کو ایک ہفتہ گزرنے کے باوجود تاحال پولیس بازیاب نہیں کراسکی، احتجاجی مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ ریلے کالونی سے اغواء ہونے والی لاریب کے اہل خانہ اور اہلیان ریلے کالونی نے پیچ کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر بچی کو فوری بازیاب کرانے کے نعرے درج تھے۔ مظاہرین سے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق کونسلر جاوید احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی کا اچانک دورہ، مختلف حصوں کا معائنہ

گورنر بلوچستان امان اللہ یسین زئی یونیورسٹی آف بلوچستان اچانک دورے کے موقع پر مختلف حصوں کا معائنہ کر رہے ہیں

بارہ ٹیل رسالپور میں کتے کو پتھر مارنے پر بھائی اور بھتیجے کا قتل کرنے والا ملزم 24 گھنٹے کے اندر گرفتار

رسالپور (این این آئی) بارہ ٹیل رسالپور میں کتے کو پتھر مارنے پر بھائی اور بھتیجے کا قتل کرنے والا ملزم 24 گھنٹے کے اندر گرفتار کرلیا گیا۔ حسین احمد ساکن بارہ ٹیل نے گزشتہ روز پولیس کو اپنے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ملک کے دیگر صوبوں میں ڈپٹی کمشنر 9 گریڈ میں ہیں، بلوچستان میں گریڈ 5 میں کام کررہے ہیں، لالہ سلطان کاکڑ

فیڈریشن میں ایک خاتمہ کیلئے کالے نے نکالنے ہوئے ہیں، ڈالرین کے خلاف قانون سازی کی بجائے، کمشنر کو اختیارات دیا جائے، این پی ایم ایل کا اجلاس بلوچستان

خریف خان، یاسر سرور بلوچ، مجیب کرمی، حماد اللہ داوتان، مبارک علی، نصیر خان، شاہ حسین، محمد شریف لہڑی، برکت علی، مراد ان لہڑی محمد لہڑی، فیض رسول بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے اقدامات کررہے ہیں، زمرک خان اچکزئی

صوبے میں ترقیاتی عمل جاری ہے اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے

ہمارے سیاست کا محور عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل ہے، عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے' صوبائی وزیر زراعت

کوئٹہ (ح ن) صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہمارے سیاست کا محور عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل ہے، عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ صوبے میں ترقیاتی عمل جاری ہے اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں پیر کے روز اپنے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ بی اے پی میں شامل ہونے والے والوں کے ساتھ فوٹو

ایران پر ہتھیاروں کی پابندی اٹھانے سے علاقائی جنگ بھڑک سکتی ہے، امریکا

کہ اسرائیل اور عرب تہران پر عائد پابندی ختم کرنے کی مخالفت میں متحد ہیں، سینئر امریکی عہدے داران

واشنگٹن (این این آئی) ایران پر عائد ہتھیاروں کی بین الاقوامی پابندی کے عنقریب اختتام پذیر ہونے سے خطرہ ہے کہ مشرق وسطیٰ کو اعلیٰ تکنالوجی کے حامل روسی اور چینی عسکری ساز و سامان کے ساتھ غرق کردیا جائے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے سینئر ذمے داران خبردار کررہے ہیں کہ یہ پیش رفت ہتھیاروں کی دوڑ شروع کردے گی اور اس کا نتیجہ وسیع دائرہ کار کی حامل علاقائی جنگ کی صورت میں سامنے آسکتا ہے۔

محکمہ کھیل کی جانب سے 6 ستمبر رات 9 بجے ایوب اسٹیڈیم میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا جائے گا

6 ستمبر کے مناسبت سے صوبے بھر میں کھیلوں کے مقابلے اور تقریبات منعقد کیے جائینگے، اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ کھیل کی جانب سے 6 ستمبر رات 9 بجے ایوب اسٹیڈیم میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا جائے گا، اس کے علاوہ 6 ستمبر کے مناسبت سے صوبے بھر میں کھیلوں کے مقابلے اور تقریبات منعقد کیے جائینگے، اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کریں گے ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل کھیل درا بلوچ نے کیا انہوں نے کہا کہ پورے ملک کی طرح 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

پیرامیڈیکس کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر صدا حق بلند کی جائیگی' سلام زہری

پیرامیڈیکس کا کسی بھی ملک کی بہتر سہولیات فراہم کرنے میں کلیدی کردار ہوتا ہے' محمد طارق کدیزئی

کوئٹہ (آن لائن) پیرامیڈیکس کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر صدا حق بلند کی جائیگی پیرامیڈیکس کا کسی بھی ملک کی بہتر سہولیات فراہم کرنے میں کلیدی کردار ہوتا ہے ان خیالات کا اظہار نامزد صدر سربراہ سلام زہری، نامزد صدر محمد طارق کدیزئی، نامزد صدر حاجی نذر اور دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان اور 14 ستمبر کو ہونے والے صوبائی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرنے والے امیدواروں سے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

امام حسینؓ کی عظیم قربانی سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، گورنر سندھ

یہ دن تمام عالم اسلام کے لئے بہت بڑا درس لے کر آتا ہے، عمران اسماعیل کا یوم عاشور پر پیغام

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ دس محرم الحرام کے دن ہمیں اسلام کے لئے قربانی دینے کا سبق ملتا ہے اور امام حسینؓ کی اس عظیم قربانی سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ عاشورہ کے موقع پر اپنے پیغام میں گورنر سندھ نے کہا کہ یہ دن تمام عالم اسلام کے لئے بہت بڑا درس لے کر آتا ہے، کربلا کے میدان میں امام حسینؓ نے راہ حق اور اسلام کی سربلندی کے لئے جو قربانی دی، وہ ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہے گی۔

حب ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ بارشوں اور سیلاب سے متعلق میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

محکمہ بی اینڈ آر کی جانب سے مچھ پل کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے

مچھ ندی سے بولان قومی شاہراہ تک متبادل سڑک بنا کر شہر کا زمینی رابطہ بحال کردیا

مچھ (آن لائن) محکمہ بی اینڈ آر کی جانب سے مچھ پل کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے، مچھ ندی سے بولان قومی شاہراہ تک متبادل سڑک بنا کر شہر کا زمینی رابطہ بحال کردیا تاہم مچھ کی شہری پل سے راستہ کھلنے کے منتظر ہے، ایکسین بی اینڈ آر محمد نواز نے شام تک پل سے راستہ بحال کرنے کی خوشخبری بھی سنادی مچھ کی تاریخ میں پہلی بار محکمہ بی اینڈ آر نے زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کرکے عوام کا دل جیت بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

حنیف زرکون کے ٹرانسفر سے عوام مزید پریشانی میں مبتلا ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) حنیف زرکون کے ٹرانسفر سے عوام مزید پریشانی میں مبتلا ہوگئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوئٹہ میں تعینات ایکسین پی ایچ ای حنیف زرکون کو ٹرانسفر کرکے عوام کو مزید پریشانی میں مبتلا کردیا گیا ہے تحت آب کا بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

محکمہ تعلیم کالجز و ہائیر ایجوکیشن میں تقرریاں اور تبادلے کئے گئے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ تعلیم کالجز و ہائیر ایجوکیشن میں تقرریاں اور تبادلے کئے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پروفیسر سراج احمد کاکڑ کو پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ، پروفیسر عبدالمالک پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج، عمران صابر کو پروفیسر گورنمنٹ جنرل محمد بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کسٹم اور ایف سی کا افغان بارڈر سرلٹ کے پہاڑیوں میں کارروائی

30 کروڑ روپے سے زائد کی غیر ملکی سامان ہزاروں کلوگرام چھالیہ اور اعلیٰ کوالٹی کے سگریٹ، پان پراگ بھی برآمد کرلیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کسٹم اور ایف سی کا افغان بارڈر سرلٹ کے پہاڑیوں میں کارروائی کرتے ہوئے 30 کروڑ روپے سے زائد کی غیر ملکی سامان ہزاروں کلوگرام چھالیہ اور اعلیٰ کوالٹی کے سگریٹ، پان پراگ بھی برآمد کرلیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق وفاقی حکومت کی سخت ترین ہدایات اور ممبر کسٹم کی ذاتی دلچسپی اور چیف کلکٹر کسٹمز بلوچستان اور کلکٹر کسٹمز پریونٹو کی ہدایات پر ایک اسپیشل اور تجربہ کار کمیٹی بنائی گئی جس پر ایڈیشنل کلکٹر یاسر وہاب کلہوڑو، ڈپٹی کلکٹر اکبر جان، اسسٹنٹ کلکٹر عمیر خان پرنٹنڈنٹس سلیم مندوخیل اور فیلڈ میں تجربہ رکھنے والے آفیسر فرید رند نے ایف سی نارتھ ریجن کے تعاون سے نوشکی سے 22 کلومیٹر افغان بارڈر کے قریب سرلٹ پہاڑیوں میں چھاپہ مار، ایک بہت بڑی کیپ غیر ملکی سامان کی اسمگلنگ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ہنگامی حالات میں عوام کے جان و مال کا ہر صورت تحفظ کیا جائیگا، جمالی خان

کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے ہنگامی حالات میں عوام کے جان و مال کا ہر صورت تحفظ کیا جائیگا

ڈیرہ اللہ یار کی نہروں اور سم نالوں میں پانی کا بہاؤ بڑھ جانے سے طغیانی آئی اور چند مقامات پر سم نالوں میں شگاف بھی پڑے ہیں' صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

سی ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر ریاض دسویں محرم الحرام کے ماتمی جلوس کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی رابطہ میر عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ ڈیرہ اللہ یار میں مون سون بارشوں کے باعث شہر کو سیلابی صورتحال کا سامنا نہیں البتہ دیہی علاقوں میں سم نالوں کو گھیرنے والے شگاف کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں تمام تر اقدامات کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے مشکل وقت میں حلقہ کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑ سکتے ضلعی انتظامیہ متحرک ہے عوام کو کسی قسم کے خوف میں مبتلا نہیں رہنا چاہیے اللہ کہتا تھا کہ تیز طوفانی بارشوں اور دیگر علاقوں سے آنے والے برساتی پانی کی وجہ سے ڈیرہ اللہ یار کی نہروں اور سم نالوں میں پانی کا بہاؤ بڑھ جانے سے طغیانی آئی اور چند مقامات بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

جماعت اسلامی ملک کی اصولی، جمہوری اسلامی جماعت ہے جو تقریباً اسی سالوں سے غلبہ دین کیلئے جدوجہد کررہی ہے

لورالائی (آن لائن) جماعت اسلامی ملک کی اصولی، جمہوری اسلامی جماعت ہے جو تقریباً اسی سالوں سے غلبہ دین کیلئے جدوجہد کررہی ہے اس جماعت میں ملک کے سب سے زیادہ دانشور، علماء، پروفیسر، انجینئر اور سماجی میدانوں میں خدمت خلق کے جذبے سے سرشار سماجی کارکن موجود ہیں اور سرگرم عمل بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

جمعیت ضلع کوئٹہ کا نمائندہ اجلاس 3 ستمبر کو طلب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و انتظامیہ عمومی کا نمائندہ 3 ستمبر بروز جمعرات بوقت 2 بجے مدرسہ مظفر العلوم پرنری روڈ بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

مرکزی امام بارگاہ غوث بخش گولہ کا یوم عاشورہ محرم الحرام کا جلوس سخت سیکورٹی کے ساتھ برآمد ہوا

نواسہ رسول امام حسین نے دین اسلام کی خاطر گردنیں کٹوا کر اسلام کا سرفخر سے بلند کیا، سید ظفر عباس شمسی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) مرکزی امام بارگاہ غوث بخش گولہ کا یوم عاشورہ محرم الحرام کا جلوس سخت سیکورٹی کے ساتھ برآمد ہوا۔ مرکزی امام بارگاہ غوث بخش گولہ، باری شاخ سے جلوس متولی سید ظفر عباس شمسی سید حسن ظفر شمسی کی قیادت میں برآمد ہوا دسویں یوم عاشورہ محرم الحرام میں سخت سیکورٹی کے انتظامات کیے گئے ہیں ماتمی جلوس اپنے روایتی راستوں پر گامزن رہا جبکہ مختلف جگہوں پر سبیلیں بھی لگائی گئی ہیں جلوس کے شرکاء نے راستے میں نماز ظہرین ادا کی جلوس کے شرکاء سید کوثی کرتے ہوئے واپس مرکزی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں کا منیر احمد مینگل سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین بشیر احمد سیکرٹری جنرل قاسم خان نور الدین گچکی معروف آزاد عابد بٹ محمد عمر جنگ حاجی سیف اللہ ترین ملک وحید کاسی عبدالعزیز شاہوانی حاجی عزیز اللہ منظور احمد عارف نجاری دین محمد محمد حسنی ظفر خان رند فضل محمد عبدالحمید چوراٹ نے بیان میں بلوچستان لیبر فیڈریشن قلات زون کے صدر اور پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان قلات زون کے نائب صدر منیر احمد مینگل سے انکے والد رحیم بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

پورے ملک کی طرح اوستہ محمد میں بھی یوم عاشور عقیدت و احترام سے منایا گیا

حضرت حسین نے اسلام کا بول بالا کیا اور تاقیامت تک اسلام زندہ رہے گا یزید پر ہمیشہ لعنت برستا رہے گا

نویں محرم کی رات کو گولڑہ منظور حسین لاشاری میں امام بارگاہ سجادیہ میں مجلس اور ماتم کیا گیا

اوستہ محمد (آن لائن) پورے ملک کی طرح اوستہ محمد میں بھی یوم عاشور عقیدت و احترام سے منایا گیا، حضرت حسین نے اسلام کا بول بالا کیا اور تاقیامت تک اسلام زندہ رہے گا یزید پر ہمیشہ لعنت برستا رہے گا اوستہ محمد میں اور گولڑہ منظور حسین لاشاری میں شیعہ علماء کا خطاب، ماتم، آگ کے انگاروں پر ماتم، سکورٹی کے انتظامات سخت، لنگر نیاز، سبیل حسین تقسیم، سکورٹی کے انتظامات سخت تفصیلات کے مطابق پورے ملک کی طرح اوستہ محمد میں بھی یوم عاشور عقیدت و احترام سے منایا گیا، نویں محرم کی رات کو گولڑہ منظور حسین بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

مستونگ دہشتگردی کی واداتوں میں ملوث کالعدم تنظیم کا کمانڈر ہلاک

ہلاک ہونے والا کالعدم تنظیم کا کمانڈر بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما شہید میر سراج رئیسانی پر خودکش حملے سمیت دیگر دہشت گردی وارداتوں میں ملوث تھا

مستونگ میں سی ٹی ڈی اور حساس اداروں کی مشترکہ کارروائی میں نوابزادہ شہید میر سراج رئیسانی پر ہونے والے خودکش دھماکے سمیت دیگر دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث کالعدم تنظیم کا کمانڈر ہلاک

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ میں سی ٹی ڈی اور حساس اداروں کی مشترکہ کارروائی میں نوابزادہ شہید میر سراج رئیسانی پر ہونے والے خودکش دھماکے سمیت دیگر دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث کالعدم تنظیم کا کمانڈر ہلاک ہوگیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق پیر کو مستونگ کے علاقے پڑنگ آباد میں سی ٹی ڈی اور حساس اداروں نے کالعدم تنظیم کے کمانڈر کی موجودگی کی اطلاع پر سرچ آپریشن کیا تو بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی اپنے چیمبر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

فیصل آباد میں ایک ہی دن میں 2 مبینہ پولیس مقابلے، دو ڈاکو ہلاک، دو زخمی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں ایک ہی دن میں 2 مبینہ پولیس مقابلے ہوئے جس کے نتیجے میں دو ڈاکو ہلاک اور دو زخمی ہوگئے۔ چک نمبر 6 میں ہونے والے مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک ہوگئے، جڑانوالہ میں پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

نواور دس محرم کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں گے، آئیسکو چیف

اسلام آباد (این این آئی) آئیسکو چیف ایگزیکٹو شاہد اقبال چودھری نے کہا ہے کہ نواور دس محرم کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔ جاری بیان کے مطابق آئیسکو ہیڈ آفس بق